Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ
عوام کی بے ساختہ للکار
ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 13 منگل 15 نومبر 2022ء 19 ربیع الثانی 1444ھ، قیمت 20 روپے شمارہ 186

فارغ التحصیل طلبہ وطالبات کی ذمہ داری ہے کہ ملکی ترقی کے لیے عملی میدان میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں

غربت کے خاتمے کیلئے ہمیں تعلیم وعلم کو فروغ دینا ہوگا، صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی

سماجی شخصیات کے علاوہ منہاج یونیورسٹی کے ڈینز، ایچ اوڈیز اور پوزیشن ہولڈرز طلبہ اور والدین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ بعد ازاں سالانہ کانووکیشن میں 1562 گریجویٹس میں ڈگریاں اور عمدہ کارکردگی پر میڈلز تقسیم کیے گئے

پاکستانی معاشرت کی تکمیل کرنی ہے اور آپکی ڈگریاں بھی اس کا تقاضہ کرتی ہیں، اسی لیے آپ کو منہاج یونیورسٹی میں اچھی تعلیم وتربیت دی گئی ہے، آپ کو محنت، ایمانداری اور دیانتداری سے کام کرنا چاہیے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے کہا ہے کہ آج کی دنیا میں علم پر مبنی معیشت ترقی کی کنجی ہے، غربت کو ختم کرنے کے لیے ہمیں تعلیم وعلم کو فروغ دینا ہوگا، نوجوان نسل ہمارا قیمتی اثاثہ ہے، نوجوان ملکی تقدیر بدل سکتے ہیں، فارغ التحصیل طلبہ وطالبات کی ذمہ داری ہے کہ ملکی ترقی کے لیے عملی میدان میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے منہاج یونیورسٹی کے کانووکیشن میں بطور مہمان خصوصی شرکت کے دوران خطاب کرتے ہوئے کیا۔ صدر مملکت نے کہا کہ ماڈرن ایجوکیشن کے فروغ اور ترقی کے لیے شیخ الاسلام پروفیسر ڈاکٹر طاہر القادری کی خدمات لائق تحسین ہیں، معیاری تعلیم وتربیت کی فراہمی اور تحقیق کے فروغ کی بدولت منہاج یونیورسٹی نجی تعلیمی شعبے میں ایک بہترین اضافہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں اسلامی اقدار کی روشنی میں سماجی معیار اور معاشرے کو تبدیل کرنا ہے۔ طلبہ سے مخاطب ہوکر صدر مملکت نے کہا کہ یہ آپ کی ذمہ داری ہے کہ پاکستانی معاشرت کی تکمیل کرنی ہے اور آپکی ڈگریاں بھی اس کا تقاضہ کرتی ہیں، اسی لیے آپ کو منہاج یونیورسٹی میں اچھی تعلیم وتربیت دی گئی ہے، آپ کو محنت، ایمانداری اور دیانتداری سے کام کرنا چاہیے یہی علامہ اقبال کا پیغام بھی ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

لندن میں فیصلے کرنے کے بعد اتحادیوں کی کوئی حیثیت نہیں، شیخ رشید

ان کا دارالحکومت لندن ہے اور پاکستان میں تاوان لینے آتے ہیں، سربراہ عوامی مسلم لیگ

راولپنڈی (اعجاز علی) سربراہ عوامی مسلم لیگ شیخ رشید کا کہنا ہے کہ نواز شریف اپنا جنم دن اور نیو ائیر اپنی بیٹی کے ساتھ لندن میں منائیں گے، بھائی وزیراعظم ہے سفارتی پاسپورٹ مل گیا لیکن کلین چٹ نہیں ملی۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

تحریک انصاف کی کراچی، لاہور اور پشاور کی سپریم کورٹ رجسٹریز میں درخواستیں جمع

پی ٹی آئی نے درخواستوں میں عمران خان پر قاتلانہ حملے، ارشد شریف قتل اور اعظم سواتی پر تشدد کی تحقیقات کا مطالبہ کردیا

لاہور (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف نے کراچی، لاہور اور پشاور کی سپریم کورٹ رجسٹریز میں درخواستیں جمع کرا دی ہیں۔ پی ٹی آئی نے درخواستوں میں عمران خان پر قاتلانہ حملے، ارشد شریف قتل کیس اور اعظم سوا(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

اے این ایف کی ملک گیر کارروائیوں میں بھاری مقدار میں منشیات برآمد

اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر نوشہرہ کے رہائشی ملزم کے پیٹ سے 66 آئس بھرے کیپسولز برآمد

اسلام آباد (نمائندہ) اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) کی ملک بھر میں منشیات کے خلاف کامیاب کارروائیاں جاری ہیں۔ پیر کو اے این ایف ہیڈکوارٹر سے جاری بیان کے مطابق اے این ایف نے (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 2)

چیئرمین پی ٹی آئی نے اقتدار کی ہوس میں ملک وقوم کے مستقبل کو داؤ پر لگایا، آج نام نہاد حقیقی آزادی کا اصل چہرہ بے نقاب ہوگیا، وفاقی وزیر اطلاعات

عمران خان ملک کو تہس نہس کرکے دستبردار ہوگئے ہیں، وزیر اطلاعات

عمران خان نے چار سال قوم کو تماشہ بنائے رکھا اور اب وہ خود تماشہ بن گئے۔ چیئرمین تحریک انصاف نے عوام کے روزگار اور مہنگائی پر تماشہ لگایا اب عمران خان کے تماشے بے نقاب ہو چکے ہیں

اسلام آباد (محمد فیصل ندیم سے) وفاقی وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب کا کہنا ہے کہ عمران خان ملک کو تہس نہس کرکے امریکی سازشی بیانیے سے دستبردار ہو گئے، سازش کا بیانیہ پس پشت ڈال کر بات ختم نہیں ہو گی، آپکو جواب دینا پڑے گا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق مریم اورنگزیب نے عمران خان کے دیئے گئے انٹرویو پر ردعمل میں کہا کہ جس بیانیہ پر پورے ملک میں انتشار اور جھوٹ پھیلایا، جواب دیئے بغیر صرف دستبرداری کافی نہیں۔ آج نام نہاد حقیقی آزادی کا اصل چہرہ مکمل طور پر بے نقاب ہوگیا، اقتدار کی ہوس میں ملک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

لاہور: تحریک انصاف کے وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی اور فواد چوہدری میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

ڈپٹی کمشنر عمران حامد شیخ نے ضلعی ایمرجنسی آپریشنل سنٹر کا اچانک دورہ

فیصل آباد (یواین پی) ڈپٹی کمشنر عمران حامد شیخ نے ضلعی ایمرجنسی آپریشنل سنٹر کا اچانک دورہ کیا اور ضلع میں (باقی صفحہ 3 5بقیہ نمبر 6)

تحریک انصاف آزاد کشمیر بھر میں بلدیاتی الیکشن میں کلین سویپ کریگی چوہدری شبیر گورسی

اپوزیشن بلدیاتی الیکشن کی راہ میں روڑے اٹکانے سے باز رہے اپوزیشن کو بدترین شکست ہوگی

سیری (یواین پی) تحریک انصاف کشمیر پولینڈ کے سابق صدر چوہدری شبیر گورسی نے کہا ہے کہ تحریک انصاف آزاد کشمیر بھر میں بلدیاتی الیکشن میں کلین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

مختلف دریاؤں اور آبی ذخائر میں پانی کی آمد واخراج کے اعداد وشمار جاری

اسلام آباد (یواین پی) واپڈا نے مختلف دریاؤں اور آبی ذخائر میں پانی کی آمد واخراج کے اعداد وشمار جاری کردیئے ہیں۔ پیر کو جاری کردہ اعداد وشمار کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں مردوں کا عالمی دن 19 نومبر کو منایا جائیگا

مقررین ملک کی ترقی کیلئے مرد حضرات کی خدمات کو اجاگر کریں گے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان سمیت دنیا بھر میں مردوں کا عالمی دن 19 نومبر کو منایا جائیگا اس دن کو منانے کا مقصد معاشرہ اور خاندان میں فرد کی حیثیت کو اجاگر کرنا اور اسکے حقوق اور مسائل کے حل کیلئے کوششیں کرنا ہے اس سلسلہ میں مختلف سماجی تنظیموں کے زیراہتمام ملک بھر میں تقریبات منعقد ہونگی اور مقررین ملک کی ترقی کیلئے مرد حضرات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

غیر قانونی ہجرت روکنے کیلئے قانون سازی بھی کررہے ہیں، حنا ربانی کھر

پاکستان کے پاس یورپی ممالک کے لئے افرادی قوت مہیا کرنے کے لئے بہترین امکانات موجود ہیں

قانونی طور پر بیرون ملک جانے والوں کے لئے آسانی پیدا کرنے کے لئے کوششیں جاری ہیں وزیر مملکت برائے امور خارجہ

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وزیر مملکت برائے امور خارجہ حنا ربانی کھر نے کہا ہے کہ پاکستان یورپی یونین کے ساتھ مستقبل میں تعاون کو مزید فروغ دینے کا خواہاں ہے، پاکستان کے پاس یورپی ممالک کے لئے افرادی قوت مہیا کرنے کے لئے بہترین امکانات موجود ہیں، غیر قانونی طور پر بیرون ملک جانے والوں کے خلاف سخت اقدامات کررہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

Genetic Screening Breast Cancer Center
Inaugurated By
Honourable Madam Mrs Samina Alvi
First Lady of Pakistan
Prof Dr Sardar Al Fareed Zafar
Principal PGMI/AMC/LGH
14th November 2022

لاہور: خاتون اول بیگم ثمینہ ہسپتال کا افتتاح کے بعد دعا کر رہی ہے

دھرنے کی وجہ سے سڑکوں کی بندش پر آئی جی اسلام آباد کی عدالت طلبی

پورے اسلام آباد میں کنٹینرز ایسے پڑے ہیں جیسے کوئی اور حالات ہوں، اچھی سے اینٹی رائیڈ فورس کیوں نہیں بناتے؟

کنٹینر کیوں لگاتے ہیں؟۔ دوران سماعت چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ کا استفسار

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان تحریک انصاف کے دھرنے کی وجہ سے سڑکوں کی بندش کے خلاف درخواست پر عدالت نے آئی جی اسلام آباد کو طلب کرلیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اسلام آباد ہائی کورٹ میں تاجروں کی پی ٹی آئی دھرنے کے باعث سڑکوں کی بندش کے خلاف کیس کی سماعت ہوئی، جہاں چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ جسٹس عامر فاروق نے کیس کی سماعت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں شوگر یعنی ذیابیطس کا عالمی دن منایا گیا

ذیابیطس یعنی شوگر گزرتے وقت کے ساتھ ساتھ خطرناک مرض کی شکل اختیار کرتا جارہا ہے

اسلام آباد (ظفر سے) پاکستان سمیت دنیا بھر میں شوگر یعنی ذیابیطس کا عالمی دن منایا گیا۔ اس دن کو منانے کا مقصد ذیابیطس کے خلاف عام آگاہی پھیلانا ہے۔ ماہرین کے مطابق 2025 تک پاکستان اس خطرناک بیماری کا شکار پانچواں بڑا ملک بن سکتا ہے۔ ذیابیطس یعنی شوگر گزرتے وقت کے ساتھ ساتھ خطرناک مرض کی شکل اختیار کرتا جارہا ہے اور اس کے مریضوں میں تیزی سے اضافہ ہورہا ہے۔ ایک اندازے کے مطابق اس وقت دنیا بھر میں شوگر سے متاثرہ مریضوں کی تعداد 24 کروڑ 60 لاکھ سے تجاوز کرچکی ہے۔ اس لئے شوگر سے بچاؤ کے لئے ہر سال 14 نومبر کو عالمی دن منایا جاتا ہے۔ دوسری جانب پاکستان میں بھی دو کروڑ لوگ شوگر کا شکار ہیں اسلام آباد کے ایک بڑے اسپتال میں خدمات سرانجام دینے والے کنسلٹنٹ اینڈو کرائنولوجسٹ ڈاکٹر اجمل الرحمان کہتے ہیں شوگر کے متاثرہ مریض روزمرہ زندگی کے معمول میں معالج کے مشورے کے مطابق چند تبدیلیاں کر کے اس سے بچ سکتے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

پشاور میں موسم کی خرابی کے باعث پی آئی اے کا طیارہ حادثے سے بال بال بچ گیا

پشاور (نمائندہ عوامی للکار) پشاور میں موسم کی خرابی کے باعث پی آئی اے کا طیارہ حادثے سے بچ گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق موسم خراب ہونے کی وجہ سے جدہ سے پشاور آنے والا پی آئی اے کا طیارہ حادثے سے بال بال بچ گیا ہے، طیارہ پشاور ایئرپورٹ پر لینڈ کرتے ہی سلپ کرگیا تاہم کپتان نے بڑی مہارت سے طیارے کو کنٹرول کیا۔ طیارہ ٹیکسی وے کے قریب آکر پھنس گیا، مسافروں کو سیڑھیوں کے ذریعے اتار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

عمران خان نے معنی خیز قطعہ شیئر کردیا

شاعری کی زبان میں، 'کچھ بھی نہ کہا اور کہہ بھی گئے

لاہور (یواین پی) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران خان نے ممکنہ طور پر اپنے سیاسی تحفظات کو شاعری کی زبان دے دی۔ عمران خان نے معنی خیز شاعری کے ساتھ، ''کچھ بھی نہ کہا اور کہہ بھی گئے'' کے مصداق ٹویٹ کے کیپشن میں اپنے احساسات لکھے۔ انہوں نے اپنی ٹویٹ میں شیئر کیا، 'عشق قاتل سے بھی، مقتول سے ہمدردی بھی' یہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

15 نومبر کا دن تاریخ کے آئینے میں

آج کا دن تاریخ میں 15 نومبر 1972 پاکستان نے مشرقی جرمنی کو تسلیم کرلیا

کراچی (نمائندہ عوامی للکار) آج کا دن تاریخ میں 15 نومبر 2002 آئین جزوی طور پر بحال ہوا، آج کا دن تاریخ میں 15 نومبر 2001 پاکستان اور امریکا کے درمیان ساٹھ کروڑ ڈالر کا معاہدہ، آج کا دن تاریخ میں 15 نو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

رانا ثناء اللہ کے دل کے ساتھ جدید ترین پیس میکر نصب کردیا گی

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) عارضہ قلب میں مبتلا وفاقی وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ کے دل کے ساتھ جدید ترین پیس میکر نصب کردیا گیا۔ آرمڈ فورسز انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی (اے ایف آئی سی) راولپنڈی کے ڈاکٹروں نے وفاقی وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ خان کے دل کے ساتھ جدید ترین پیس میکر کامیابی سے نصب کردیا ہے۔ اس حوالے سے ڈاکٹروں نے بتایا کہ پیس میکر لگانے سے وفاقی وزیر داخلہ کے دل کے کام کو بہتر بنانے میں کافی مدد ملی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

وزیراعظم شہباز شریف لندن سے وطن واپس پہنچ گئے

طبیعت کی ناسازی کے باعث پاکستان واپسی میں تاخیر ہوئی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وزیراعظم شہباز شریف لندن سے اسلام آباد پہنچ گئے ہیں لندن میں شہباز شریف نے مسلم لیگ ن کے قائد نواز شریف سے اہم تقرری پر مشاورت کی تھی لیکن طبیعت کی ناسازی کے باعث وزیراعظم کی پاکستان واپسی میں تاخیر ہوئی۔ اس سے قبل لندن میں وزیراعظم شہباز شریف اور قائد مسلم لیگ (ن) کے درمیان ملاقات ہوئی تھی، جس میں فیصلہ کیا گیا تھا کہ سینئر ترین افسر کو نیا آرمی چیف تعینات کیا جائے گا۔

وزیراعظم شہباز شریف لندن سے اسلام آباد پہنچ گئے ہیں لندن میں شہباز شریف نے مسلم لیگ ن کے قائد نواز شریف سے اہم تقرری پر مشاورت کی تھی لیکن طبیعت کی ناسازی کے باعث وزیراعظم کی پاکستان واپسی میں تاخیر ہوئی۔ اس سے قبل لندن میں وزیراعظم شہباز شریف اور قائد مسلم لیگ (ن) کے درمیان ملاقات ہوئی تھی، جس میں فیصلہ کیا گیا تھا کہ سینئر ترین افسر کو نیا آرمی چیف تعینات کیا جائےگا۔

عمران خان پر قاتلانہ حملے کے معاملے پر پولیس تو ویسے ہی سہم گئی تھی، زبیر نیازی

ڈی پی او گجرات کو شامل تفتیش کرانے کی کوشش کریں گے، اگر آئی جی پنجاب نے سپریم کورٹ میں جھوٹ بولا ہے

سیاسی رہنماؤں کو کسی نہ کسی سطح پر سکیورٹی پر سمجھوتا کرنا پڑتا ہے۔ وہ ہروقت بندوقوں اور سکیورٹی حصار میں نہیں رہ سکتے

لاہور (غلام عباس) تحریک انصاف کے رہنما اور عمران خان پر قاتلانہ حملے کی ایف آئی آر کے مدعی زبیر نیازی ایڈووکیٹ کا کہنا ہے کہ پاکستان کا نظام شکنجوں میں جکڑا ہوا ہے، پولیس شتر بے مہار ہے۔ عمران خان پر قاتلانہ حملے میں جن کا نام آرہا تھا ان کی وجہ سے پولیس تو ویسے ہی سہم گئی تھی۔ زبیر نیازی نے اردو پوائنٹ کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان کا آئین کہتا ہے آپ کسی واقعہ کی درخواست دیں، اس کی ایف آئی آر درج ہوگی، بعد میں انکوائری میں اس واقعہ سے متعلق سچ اور جھوٹ سامنے آجائے گا۔ اینکر کے سوال پر انہوں نے کہا کہ ایف آئی آر آخری دستاویز نہیں ہے، اتنے دن ایف آئی آر درج نہیں ہوئی اور شواہد ضائع کردیئے گئے، جب ایف آئی آر درج نہیں ہوئی تو تفتیش کیسے شروع کردی گئی؟ زبیر نیازی کا کہنا تھا کہ آئی جی نے عدالت میں کہا کہ پنجاب حکومت نے مقدمہ درج کرنے سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

لاہور: عبداللہ خان اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ارشد شریف قتل کیس کی جوڈیشل انکوائری کیلئے ایک اور خط لکھ دیا گیا

صاف شفاف تحقیقات کے لیے جوڈیشل انکوائری کمیشن تشکیل دیا جائے' اگر فوری طور پر ایکشن نہ لیا گیا

مشاورت مکمل ہونے پر چیف جسٹس پاکستان جسٹس عمر عطاء بندیال وزیراعظم کے خطوط کا جواب دیں گے، وزیراعظم کو خطوط کا جواب دو سے تین روز میں دیا جائے گا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) سینئر صحافی و اینکر پرسن ارشد شریف قتل کیس کی جوڈیشل انکوائری کیلئے ایک اور خط لکھ دیا گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق صحافی ارشد شریف کی شہادت پر جوڈیشل انکوائری کمیشن بنانے کے لیے متعلقہ حکام کو ایک اور خط لکھا گیا ہے، اس بار اظہر صدیق ایڈووکیٹ نے صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی، وزیراعظم شہباز شریف، وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری سمیت دیگر متعلقہ حکام کو خط ارسال کیا۔ خط کے متن میں کہا گیا ہے کہ ارشد شریف کا قتل کینیا کی حکومت کی ناکامی ہے، جس کی بنیاد پر ارشد شریف کا معاملہ انٹرنیشنل کورٹ آف جسٹس میں اٹھایا جائے، جوڈیشل انکوائری کمیشن سپریم کورٹ یا ہائیکورٹ کے ججز پر مشتمل ہونا چاہیے، اس ضمن میں صدر پاکستان نے وزارت داخلہ اور وزارت قانون کو مراسلہ بھجوایا ہے، اس میں بین الاقوامی ماہرین کی رائے شامل کی جائے اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

لاہور: سیکرٹری صحت پنجاب ڈاکٹر اجاوید اپنے دفتر میں اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

اردو کے ادیب جسٹس محمد رستم کیانی کی 60 ویں برسی آج منائی جائیگی

اسلام آباد (رپورٹر) اردو کے ادیب جسٹس محمد رستم کیانی کی 60 ویں برسی آج 15 نومبر بروز منگل کو منائی جائیگی۔ وہ 18 اکتوبر 1902 کو شاہ پور میں پیدا ہوئے 1949 میں لاہور ہائی کورٹ کے جج اور 1959 میں مغربی پاکستان ہائی کورٹ کے چیف جسٹس بنے 18 اکتوبر 1961 کو اسی عہدے سے ریٹائرڈ ہوئے جسٹس محمد رستم کیانی ایک شعلہ بیان مقرر اور نکتہ آفرین ادیب تھے ان کی تقاریر اور مضامین کے مجموعے شائع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

بورے والا، سردی کی شدت میں اضافہ، لنڈا بازار کی رونقیں بحال

مہنگائی کی لہر میں اضافہ کی وجہ سے لنڈا بازار میں سیکنڈ ہینڈ کپڑوں کی قیمتیں بھی آسمانوں سے باتیں کرنے لگی

بورے والا (عوامی للکار) فیصل آباد میں سردی کی شدت میں اضافہ لنڈا بازار کی رونقیں بحال سیکنڈ ہینڈ کپڑے بھی غریب عوام کی پہنچ سے دور تفصیل کے مطابق شہر اور گردونواح میں موسم سرما نے اپنی آمد کا بگل بجا دیا سردی کی شدت میں اضافہ ہوتے ہی لنڈا بازار کی رونقیں بحال ہو گئیں ملک بھر میں مہنگائی کی لہر میں اضافہ کی وجہ سے لنڈا بازار میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

دنیا بھر میں ٹریفک حادثات کے متاثرین کی یاد میں عالمی دن آج منایا جائیگا

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان سمیت دنیا بھر میں ٹریفک حادثات کے متاثرین کی یاد میں عالمی دن آج 15 نومبر بروز منگل کو منایا جائیگا اس دن کی مناسبت سے لاہور سمیت ملک بھر میں ٹریفک پولیس اور ریسکیو 1122 کے زیراہتمام آگاہی واکس اور سیمینارز انعقاد پذیر ہونگے الیکٹرانک میڈیا پروگرام نشر اور پرنٹ میڈیا فیچر شائع کریں گے۔

Directorate General
Anti-Corruption Establishment, Punjab
ACE

لاہور: ڈی جی اینٹی کرپشن ندیم سرور اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

دنیا بھر میں سگریٹ نوشی سے انکار کا عالمی دن آج 15- نومبر بروز منگل کو منایا جائیگا

مختلف این جی اوز اور محکمہ صحت کے زیراہتمام اسلام

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان سمیت دنیا بھر میں سگریٹ نوشی سے انکار کا عالمی دن آج 15- نومبر بروز منگل کو منایا جائیگا اس دن کے منانے کا مقصد عوام میں تمباکو نوشی سے پیدا ہونے والی مہلک امراض کے متعلق آگاہی فراہم کرنا ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

اوکاڑہ سول سوسائٹی کے زیراہتمام پاک فوج کے حق میں پاکستان زندہ باد ریلی

اوکاڑہ (یواین پی) اوکاڑہ سول سوسائٹی کے زیراہتمام پاک فوج کے حق میں پاکستان زندہ باد ریلی نکالی گئی شرکاء کی جانب سے پاک فوج زندہ باد کیفلک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

الیکشن اگلے سال کے وسط میں ہوسکتے ہیں، سربراہ اعجاز الحق

جہاں سے ماضی میں سیاسی بریک تھرو ہوتا رہا اب بھی وہیں سے ہوگا

اسلام آباد (یواین پی) مسلم لیگ ضیاء کے سربراہ اعجاز الحق نے امکان ظاہر کیا ہے کہ الیکشن اگلے سال کے وسط میں ہوسکتے ہیں، اس کے لیے جہاں سے ماضی میں سیاسی بریک تھرو ہوتا رہا اب بھی وہیں سے ہوگا۔ تفصیلات کے مطابق میڈیا سے گفتگو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

لاہور: سید طارق محمود الحسن ڈسٹرکٹ اوورسیز کمیٹی ٹوبہ ٹیک سنگھ کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

کاہنہ شہر اور گردونواح میں پتنگ بازی عروج پر، ضلعی انتظامیہ اور پولیس ناکام

ضلعی انتظامیہ اور پولیس ناکام کئی بار جانی نقصانات کے باوجود پتنگ بازوں کیخلاف موثر کارروائیاں نہ ہونے کے برابر

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) پتنگ بازی کا سلسلہ تھم نہ سکا، ڈور پھرنے سے جنرل کونسلر محمد سجاد زخمی، تفصیلات کے مطابق تھانہ کاہنہ کے علاقہ میں 5 نمبر سٹاپ کے قریب جنرل کونسلر محمد سجاد موٹر سائیکل پر سامان لینے کاہنہ بازار کی جانب جارہا تھا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں ''انٹرنیشنل جرنلسٹ ڈے'' 19 نومبر کو منایا جائے گا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان سمیت دنیا بھر میں ''انٹرنیشنل جرنلسٹ ڈے'' 19 نومبر کو منایا جائے گا اس سلسلہ میں اسلام آباد سمیت ملک بھر میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

اسسٹنٹ کمشنر پتوکی سمیت 2 افراد ٹریفک حادثے میں جاں بحق

زخمیوں کو ریسکیو نے طبی امداد دینے کے بعد ٹراما سنٹر پھولنگر منتقل کردیا

چند ماہ قبل پتوکی کی تعیناتی ہوئے تھے اس سے پہلے یہ قصور کی تحصیل کوٹ رادھا کشن بھی تعینات رہ چکے تھے

پھولنگر (نمائندہ عوامی للکار) پھولنگر بائی پاس پر سرکاری ویگو ڈالہ اور وین میں خوفناک تصادم ہوگیا، جس میں اسسٹنٹ کمشنر پتوکی قاسم محبوب سمیت 2 افراد موقع پر جاں بحق جبکہ 4 افراد شدید زخمی ہوگئے۔ اسسٹنٹ کمشنر پتوکی قاسم محبوب سرکاری گاڑی پر لاہور سے پتوکی واپس آرہے تھے کہ پھولنگر بائی پاس پر اسسٹنٹ کمشنر کی گاڑی تیز رفتاری کے باعث اچانک بے قابو ہوکر فٹ پاتھ کو کراس کرتے ہوئے سڑک کی دوسری جانب گجرات جانے والی وین سے ٹکرا گئی۔ اس خوفناک حادثے میں اسسٹنٹ کمشنر پتوکی قاسم محبوب اور وین کا ڈرائیور موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق حادثے میں شدید زخمی ہونے والے 4 افراد 60 سالہ صادق، 7 سالہ حزیفہ، 40 سالہ خاتون سمینہ اور 60 سالہ رفیق شامل ہیں جن کی حالت تشویشناک بتائی جارہی ہے۔ زخمیوں کو ریسکیو نے طبی امداد دینے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

گاجر کے حیرت انگیز فائدے۔۔۔ جو آپ کو شائد پتہ نہ ہوں

گاجر کے جوس کے فوائد سے پہلے یہ جان لیجئے کہ اس میں کونسے اہم غذائی اجزا پائے جاتے ہیں

کراچی (بیورو رپورٹ) گاجر کو غریبوں کا سیب کہا جاتا ہے کیونکہ غذائی اعتبار سے یہ مہنگے ترین پھلوں کے بھی ہم پلہ ہے اور آئے دن گاجر اور اس کے رس کے طبی فوائد سامنے آتے رہتے ہیں۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ گاجر کا رس دیگر پھلوں کے رس کے ساتھ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

عمران خان سازش کا بیانیہ چھوڑ کر امریکہ سے اچھے تعلقات پر آمادہ

امریکی سازش کا معاملہ ختم ہو چکا، اب امریکہ پر الزام نہیں لگاتا اور اگر دوبارہ منتخب ہوا تو امریکہ سے باوقار تعلقات رکھنا چاہوں گا

شہباز شریف اب خود پھنسا ہوا ہے، ڈیلی میل نے لکھا کہ شہباز شریف نے کرپشن کی ہے اس نے ہمیں دکھانے کیلئے ڈیلی میل پر ہرجانہ کردیا

لاہور (غلام عباس) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان نے سازش کا بیانیہ چھوڑ کر امریکہ سے اچھے تعلقات پر آمادگی ظاہر کردی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اخبار کو دیئے گئے انٹرویو میں سابق وزیراعظم نے کہا امریکی سازش کا معاملہ ختم ہو چکا، اب امریکہ پر الزام نہیں لگاتا اور اگر دوبارہ منتخب ہوا تو امریکہ سے باوقار تعلقات رکھنا چاہوں گا کیوں کہ پاکستان اور امریکہ کے تعلقات غلام اور مالک کے رہے ہیں لیکن اس میں بھی زیادہ قصور پاکستانی حکومتوں کا تھا۔ ایک سوال کے جواب میں عمران خان نے کہا کہ پاکستان دیوالیہ ہونے کے قریب ہے، جب آئی ایم ایف کے کچھ اقدامات سے آپ کی معیشت سکڑ جائے تو ہم اپنا قرض کیسے ادا کریں گے؟ سیاسی استحکام کی بحالی کا واحد راستہ قبل از وقت صاف اور شفاف انتخابات ہی ہیں، اگر فوری انتخابات نہ ہوئے تو معاشی تباہی اس سے کہیں زیادہ ہوگی۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

سیاست کو اس نہج پر لانے کے ذمہ دار کون۔۔۔؟

قیام پاکستان کے بعد سے ہی وطن عزیز میں سیاست کا مقصد اقتدار کا حصول ہی رہا ہے۔ محلاتی سازشیں اور اقتدار پرستی سیاستدانوں کا چلن رہا۔ حکومتیں آتی جاتی رہیں مختلف تجربات کیے گئے لیکن سیاسی استحکام قائم نہ ہوا۔ اقتدار کی رسہ کشی اور ہوس کا نتیجہ پاکستان کے دولخت ہونے کی صورت میں نکلا۔ اس سانحہ کے بعد سیاستدان متفقہ آئین پاس کروانے میں کامیاب ہوئے۔ ذوالفقار علی بھٹو پہلے منتخب وزیراعظم کے منصب پر فائض ہوئے۔ عوامی راج آیا سیاست میں عام آدمی بھی شریک ہوا۔ سازشوں کی جگہ نظریات کی سیاست شروع ہوئی۔ بین الاقوامی سطح پر پاکستان کو اہمیت ملنا شروع ہوئی۔ اندرون ملک ہر سطح پر انقلابی تبدیلیاں دیکھنے میں آئیں۔ عوامی حکومت کی پہلی ٹرم بھی پوری نہیں ہوئی نئے الیکشن کے نتیجہ میں پھر مارشل لاء لگ گیا۔ سیاست میں لسانیت، مذہب اور برادریوں کی سطح پر تقسیم گہری ہوگئی۔ طویل مارشل لاء کے بعد دوبارہ جمہوریت بحال ہوئی تو نوے کے عشرہ میں سیاسی میوزیکل چیئر کا کھیل جاری رہا۔ 1999 میں ایک بار پھر اقتدار پر پرویز مشرف کا قبضہ ہوگیا۔ مقبول سیاسی جماعتیں پس منظر سے آوٹ کی گئیں تو کنگز پارٹی مسلم لیگ (ق) برسر اقتدار آئی۔ اس پارٹی میں تمام جماعتوں سے سیاسی شخصیات کو ایک چھتری تلے اکھٹا کیا گیا تھا، چھتری ہٹی تو تمام سیاسی خانہ بدوش ادھر ادھر ہوگئے۔ شہید بی بی محترمہ بینظیر بھٹو کی قربانی کے نتیجہ میں جمہوریت بحال ہوئی۔ جمہوریت کے تحفظ کے لیے ذوالفقار علی بھٹو اور انکے دونوں صاحبزادے میر شاہنواز بھٹو اور میر مرتضی بھٹو بھی تاریک راہوں میں مارے گے۔

پاکستان کے پہلے وزیراعظم لیاقت علی خان کی شہادت سے شروع ہونے والا یہ سلسلہ محترمہ بے نظیر بھٹو تک پہنچا۔ جنرل ضیاالحق کی گولی لاٹھی کی سرکار سے مقابلہ کرنے سے سانحہ کارساز تک پارٹی ورکرز نے بے مثل قربانیاں دی۔ سب قربانیوں کا نتیجہ وقتی اقتدار کی صورت میں ہی نکلا۔ جمہوریت مستحکم ہوئی نہ اعلیٰ روایات قائم ہوسکیں۔ بھٹو کی پیپلز پارٹی مزاحمت کی علامت سمجھی جاتی تھی۔ لیکن 2008 کے بعد مفاہمت کی داعی بن کر سامنے آئی۔ اس دور میں عمران خان نے سہاروں اشاروں کی سیاست کے ساتھ عوام پر بھروسہ کرنے کا نعرہ مستانہ لگایا۔ 2011 میں پی ٹی آئی کے مینار پاکستان کے جلسہ کی کامیابی کے بعد ایک نیا سیاستدان میدان میں آیا۔ عمران خان جو ایک کھلاڑی تھا سیاسی پچ پر دونوں طرف کھیلنے لگا۔ بیک ڈور حمایت اور عوامی للکار ایک ساتھ، نوازشریف کی حکومت کے خلاف 126 دن کا تاریخی دھرنا دیا۔ اس سیاسی سرگرمی اور دوطرفہ حکمت عملی کے نتیجہ میں بالآخر 2018 کو اقتدار کے حصول میں کامیاب ہوگئے۔ پہلے سے موجود دونوں جماعتیں اقتدار کا حصہ نہ رہیں۔ مخالف سیاسی قیادت پر الزامات، نفرت اور احتجاج کے داعی عمران خان نے حکومت بھی اپوزیشن کے انداز سے چلائی۔ نتیجہ وہی نکلا، اقتدار سے آئینی طریقہ سے باہر کردی گئی۔ اب الزامات کا نشانہ صرف مخالف سیاسی لیڈران ہی نہیں ادارے بھی انکے نشانہ پر آگئے۔ سیاسی اختلاف تقسیم سے نفرت اور انتقام تک جا پہنچا۔ آج پاکستان میں مسائل ہی مسائل ہیں۔ معاشی حالت تشویش ناک ہے کیونکہ معیشت کا براہ راست تعلق سیاسی استحکام سے ہے۔ عوامی حمایت کے زعم میں وہ آج بھی سڑکوں پر احتجاج کر رہے ہیں۔ اپنی حکومت کے خاتمہ کو غیرملکی مداخلت سے جوڑتے ہیں۔ اداروں پر تنقید اور اشتعال انگیزی سے بھی گریز نہیں۔ پہلے وزیراعظم لیاقت علی خان پر چلنے والی گولی سے بھٹو کی پھانسی تک، بی بی شہید کے انجام کے بعد آج عمران خان گولی کا نشانہ بنے۔ سیاست میں برداشت اور آگے بڑھنے کے لیے جمہوری روایت پروان نہیں چڑھ سکی۔ تمام مسائل بزور طاقت اور عوامی حمایت کے نعرہ پر حل کرنے کی کوشش کی جاری ہے۔ عمران خان فوری الیکشن کروانے کا مطالبہ کررہے ہیں جبکہ پی پی پی اس سے پہلے الیکشن کا مطالبہ لیکر سڑکوں پر نکلی تھی۔ اس وقت بطور وزیراعظم عمران خان اس مطالبہ کو خاطر میں نہ لائے۔ ایک پیج کی خوش فہمی اور طاقت کے نشہ میں سب کو کچلنے پر کاربند تھے۔ عمران خان یہ تو بتانا چاہتے ہیں اور بیانیہ بنایا ہوا ہے کہ انہیں کیسے ہٹایا گیا اس پر بات نہیں کرتے کہ انہیں کیسے لایا گیا تھا۔ نفرت کی سیاست سے عدم برداشت بڑھ گیا کہ اب طبیعت موافق سوال نہ کرنے والے صحافی بھی سازش کا حصہ تصور ہوتے ہیں۔

قارئین کرام! پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان سے سخت سوال کرنے والی جرمن ٹی وی اینکر نے ٹوئٹر پر اپنے تمام کمنٹس بند کردیے کیونکہ عمران خان کا انٹرویو لینے کے بعد سے میلیسا چان کو سوشل میڈیا پر تنقید کا نشانہ بنایا جارہا تھا اور ان کے لیے نامناسب الفاظ استعمال کیے جارہے تھے۔ جرمن ٹی وی اینکر میلیسا چان کا کہنا ہے کہ میں کسی بھی خبر پر کمنٹ کا آپشن آن نہیں کرتی کیونکہ مجھے جنسی زیادتی اور قتل کی دھمکیاں مل چکی ہیں اور اس سے نمٹنے کا یہی طریقہ ہے۔ واضح رہے کہ جرمن ٹی وی اینکر نے عمران خان سے پوچھا تھا کہ آپ تحریک عدم اعتماد کے باعث گئے۔

عبادت اور حقوق العباد

تحریر: حفصہ ایمان

ہم مسلمان صرف اللہ کی عبادت کرتے ہیں۔ عبادت فرض ہو یا نفلی سر ہمیشہ اللہ کے آگے ہی جھکتا ہے۔ اور اگر عبادات میں کوتاہی ہو جائے تو وہ خدائے بزرگ و برتر ہماری ان کوتاہیوں کو معاف فرما دیتا ہے۔ اللہ نے تو خود فرمایا ہے "تم مجھ سے توبہ طلب کرو میں تمہیں معاف کروں گا" اس کے پاس رحمتوں کے ٹھاٹھیں مارتے ہوئے سمندر ہیں مگر اسے محبت صرف تمہارے اک آنسو سے ہے۔ تمہاری توبہ کا آنسو، ندامت کا آنسو۔۔۔ لیکن دوسری طرف اس نے کچھ حقوق بھی قائم کیے ہیں، اپنے بندوں کے حقوق۔ جنہیں حقوق العباد کہا جاتا ہے۔ یہاں اس نے کوئی چھوٹ نہیں رکھی۔ وہ کہتا ہے "حقوق العباد تب تک معاف نہیں کروں گا جب تک بندہ خود معاف نا کردے" حقوق اللہ وہ معاف کردے گا، یہ اس کا اور اس کے بندے کا معاملہ ہے کیونکہ وہ رحیم ہے، کریم ہے، معاف کردینا اس کی صفت ہے وہ اپنے بندے کو روتا ہوا دیکھ لے تو اس کے آنسوؤں کی لاج رکھ لیتا ہے مگر جو بندے کا بندے سے معاملہ ہے وہ الگ ہے۔ اس معاملے میں وہ خاموش رہتا ہے تب تک جب تک دردسہنے والا، تکلیف برداشت کرنے والا معافی نہیں دے دے۔ اس کی مخلوق کو تنگ کرو گے، اس کے بندوں کا دل دکھاؤ گے، کمزور کو نیچا دکھاؤ گے تو وہ بلکل معاف نہیں کرے گا۔ ماں کا دل دکھتا ہے نا جب اس کے کسی بچے کو کوئی مارتا ہے، پریشان کرتا ہے یا کسی قسم کی کوئی ایذاء پہنچاتا ہے۔ تب ماں روتی نہیں ہے وہ خاموش ہوجاتی ہے بلکل خاموش کہ فلاں بندے نے میری اولاد کو تکلیف پہنچائی ہے، پریشان کیا ہے تو میں اس کو کیوں سنوں؟ میرے بچے نے اگر کچھ غلط کیا تھا تو مجھے بتاتے آکر، مجھ سے شکایت کرتے اسے درد کیوں دیا؟ وہ ناراض ہوجاتی ہے اور اس بندے سے تب تک ناراض رہتی ہے جب تک اس کا بچہ معاف نہیں کردے تو میرے دوستو! یہی معاملہ میرے رب اور اس کی مخلوق کا ہے اور پھر اللہ تو اپنے بندوں سے ستر ماؤں سے زیادہ پیار کرتا ہے وہ اپنے بندے کو درد میں دیکھ کر درد دینے والے سے بھلا کیونکر خوش ہوگا۔۔۔ مخلوق خدا پہ رحم کرنا سیکھو تا کہ تم پہ بھی رحم کیا جائے۔

خلافت کی بحالی۔۔۔ کیسے ممکن؟

اسد علی

مسلمانوں کی نشاۃ ثانیہ کا احیاء ایک آرزو ہے، امت مسلمہ کے دلوں میں ایک تڑپ ہے ایک جستجو سال ہا سال سے مسلمانوں کے دلوں میں مچل رہی ہے ماضی میں ہندوستان میں قیام پاکستان سے پہلے تحریک بحالیٔ خلافت کا بہت چرچا رہا مولانا محمد علی جوہرؒ کی والدہ کا یہ قول "بیٹا جان خلافت پر قربان کردو" کئی مہینوں تک لوگوں کے دلوں کو گرماتا رہا آج بھی پاکستان میں کئی دہائیوں سے کچھ مذہبی تنظیمیں اس مقصد کیلئے پیش پیش ہیں۔۔۔ تاریخی اعتبار سے خلفاء راشدین کے بعد حضرت امیر معاویہؓ کا دور سب سے مستحکم رہا ان کے ٹھوس اور انقلابی اقدامات نے ایک جدید ریاست کے تصور کو اجاگر کیا دنیا میں پہلا بحری بیڑہ بھی حضرت امیر معاویہؓ کے دور حکومت میں بنایا گیا فتوحات کے لحاظ سے بھی ان کا دور اسلامی تاریخ کا سنہری دور کہا جا سکتا ہے ان کے بعد خلافت بادشاہت میں تبدیل ہوگئی موروثی بنیادوں پر خلیفہ کا چناؤ کیا جانے لگا خلیفہ کسی کو جوابدہ نہیں تھا بنو امیہ کے 90 سالہ دور حکومت میں حضرت عمرؒ بن عبدالعزیز نے خلفاء راشدین کی یاد تازہ کردی انہیں اسی بنیاد پر پانچواں خلیفہ راشد کہا جاتا ہے بنو امیہ کی خلافت کے بعد بنو عباس نے 500 سال تک حکومت کی عباسی دور کے آخری دنوں میں خلافت برائے نام رہ گئی متعدد ممالک اور شہروں میں شاہی خاندان کے امراء اور طاقتور جرنیلوں نے اپنی اپنی حکومت کا اعلان کر رکھا تھا جو اپنے آپ کو عباسی خلیفہ کا تابع فرمان قرار دیتے لیکن اس کے باوجود مساجد میں خطبہ خلیفہ کے نام کا ہی پڑھا جاتا تھا جب ہلاکو خان نے بغداد پر حملہ کرکے ظلم و بربریت کا بازار گرم کیا بیشتر عباسی خاندان کے افراد شہید ہوگئے اس طرح پانچ صدیوں پر محیط عباسی خاندان کی حکومت کا خاتمہ ہوگیا یہ عملی طور پر خلافت کا خاتمہ ثابت ہوا اس کے کچھ عرصہ بعد مصر کے بادشاہ بیبرس نے واحد زندہ بچ جانے والے ایک عباسی شہزادے کو مستنصر باللہ کا لقب دے کر قاہرہ کا خلیفہ بنا دیا مگر سولہویں صدی عیسوی میں مصر کا آخری خلیفہ ترکی کے فرمانروا سلطان سلیم اول کے حق میں خلافت سے دستبردار ہوگیا کہا جاتا ہے خلافت عثمانیہ 1681ء سے 1922ء تک ایک طاقتور مسلم سٹیٹ تھی۔۔ خلافت عثمانیہ کو آخر کار جدید ترکی کے بانی کمال اتاترک نے ختم کردیا اس نے خلیفہ عبدالمجید کو برطرف کرکے ترکی میں ایک جمہوری حکومت بنانے کا اعلان کیا ہندوستان میں اسی خلافت کی بحالی کیلئے تحریک چلائی گئی تھی۔ پاکستان کے علاوہ کئی ممالک میں خلافت کی بحالی کیلئے بہت سی تنظیمیں خفیہ اور اعلانیہ کام کررہی ہیں۔۔۔ دنیا میں اس وقت کم وبیش اسلامی ممالک کی تعداد 52 ہے سب سے بڑی ستم ظریفی یہ ہے کہ جہاں اسلامی قوانین نافذ ہیں ان کی تعداد انگلیوں پر گنی جاسکتی ہے سعودی عرب کے قومی پرچم پر کلمۂ طیبہ جبکہ ایرانی پرچم پر اللہ لکھا ہوا ہے۔ یوں تو پاکستان کا سرکاری نام بھی اسلامی جمہوریہ پاکستان ہے لیکن یہ ملک جمہوری ہے نہ اسلامی۔ افغانستان کے پرچم پر مسجد بنی ہوئی ہے۔ دنیا کے بیشتر اسلامی ممالک سیکولر ہیں کچھ میں جمہوریت کچھ میں بادشاہت اور کچھ نیم اسلامی۔ 52 کے 52 اسلامی ممالک کے اپنے اپنے مسائل ہیں اپنے اپنے مفادات۔ ہر اسلامی ملک اپنے داخلی اور خارجی معاملات میں الجھا ہوا ہے ترکی خلافت کی بحالی کے لئے کوشاں ہے کیونکہ وہ خلافت کا سلسلہ وہیں سے جوڑنا چاہتا ہے جہاں سے ٹوٹا تھا 2023ء میں معاہدہ لوازن کے خاتمہ کے بعد کیا ہوگا کوئی نہیں جانتا یہ تو ممکن نظر نہیں آرہا کہ خلافت عثمانیہ میں شامل درجن بھر ممالک دوبارہ ترقی کا حصہ بن جائیں لیکن کئی اسلامی ممالک خلافت کی بحالی چاہتے ہیں یہ اتنا آسان بھی نہیں ہے کیونکہ مختلف اسلامی ممالک کے مختلف غیر اسلامی ممالک سے کاروباری، تجارتی، معاشرتی روابط ہیں کویت اور سعودی عرب میں امریکی فوج کے ذمہ سکیورٹی ہے عالمی طاقتوں نے دہشت گردی کو مسلمانوں سے منسوب کرکے رکھ دیا ہے اس میں کوئی شک نہیں ہر اسلامی ملک میں خلافت کے احیاء کی خواہش رکھنے والے ضرور موجود ہوں گے لیکن ان کی تعداد آٹے میں نمک کے برابر ہے ان حالات میں خلافت ایک سوالیہ نشان ہے۔ یہ بھی ایک توجہ طلب بات ہے کہ خلافت تمام اسلامی ممالک کو کیسے ہینڈل کرے گی؟ پاکستان کے ایک سابق وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو نے اسلامی ممالک پر مشتمل ایک بلاک تشکیل دینے کا پروگرام دیا تھا۔ مشترکہ کرنسی اور دفاع کا ایک انقلابی منصوبہ پر کام بھی شروع ہوگیا تھا شاہ فیصلؒ، کرنل قذافی اور ذوالفقار علی بھٹو نے تیل کو ہتھیار کے طور پر استعمال کرنے کی حکمت عملی تیار کرنے کا ابتدائی خاکہ ترتیب دیا لیکن شاہ فیصل اور ذوالفقار علی بھٹو کو منظر سے ہٹا دیا گیا عالمی مبصرین کا خیال تھا اسلامی ممالک پر مشتمل بلاک تشکیل دیدیا جاتا تو شاید یہ خلافت کی ایک جدید شکل ہوتی اور آج مسلم امہ کے یہ مسائل نہ ہوتے۔۔۔ جن چیلنجز سے آج ہم نبرد آزما ہیں شاید ہم ایسی مشکل سے دو چار نہ ہوتے مسلمانوں کی دلوں میں ایک تڑپ ہے ایک جستجو سال ہا سال سے مسلمانوں کے دلوں میں مچل رہی ہے لیکن خلافت کی بحالی کوئی آسان کام نہیں۔ بہت سے سوال تشنہ ہیں کئی سوالوں کے جواب ضروری ہیں اس میں کوئی شک نہیں ہونا چاہیے خلافت مسلمانوں کے اتحاد کی علامت ہے لیکن اس کی حدود و قیود کیا ہوگی، ناک نقشہ کیا، کیسا اور کیونکر؟ بیشتر اسلامی ممالک جمہوری ہے نہ اسلامی۔ اکثر سیکولر، کچھ میں جمہوریت کچھ میں بادشاہت اور کچھ نیم اسلامی کچھ مغرب زدہ۔ پھر خلافت کا احیاء کیسے ممکن؟ کیا فرماتے ہیں نکتہ دان؟ کسی کو سمجھ آجائے تو وہ دوسروں کو ضرور بتادے۔

لگا ہے مصر کا بازار دیکھو

ایم سرور صدیقی

تاریخ بتاتی ہے قدیم ادوار میں غلاموں کی منڈی لگا کرتی تھی خریدار برہنہ، نیم برہنہ "سودا" دیکھ کر مال کی قدر و قیمت کا اندازہ لگاتے ان کی جانب فحش جملے اچھالتے۔۔۔ خوبصورت لونڈے، متناسب بدن لڑکیاں، جفاکش مرد اور خواجہ سرا کی قیمت اچھی مل جایا کرتی تھی یونانی تہذیب سے لیکر مصر کے بازار اور دور حاضر تک یہ منڈیاں کسی نہ کسی صورت "آباد" ہیں خوبصورت لونڈوں اور متناسب بدن لڑکیوں کی خریداری لوگ اپنی جنسی تسکین۔۔۔ جفاکش مرد مزدوری کیلئے اور خواجہ سرا گھریلو کام کاج کیلئے کرتے تھے۔ مذہب اسلام نے انسانوں کی خرید و فروخت کو ممنوع قرار دیتے ہوئے اسے انتہائی مکروہ فعل گردانا ہے خود نبیٔ اکرم ﷺ اور متعدد صحابہ کرام نے درجنوں غلاموں اور لونڈیوں کو آزاد کرکے انہیں اپنی مرضی سے جینے کا حق عطا فرمایا خلیفۃ المسلمین حضرت عمر فاروقؓ کا قول ہے "اللہ تعالیٰ نے انسان کو آزاد پیدا کیا انہیں کسی کو بیچنے کا کوئی حق نہیں"۔ تاریخ یہ بھی بتاتی ہے انسانوں کی خرید و فروخت کا شمار دنیا کے اولین کاروبار میں کیا جاسکتا ہے۔۔۔ وقت کے ساتھ ساتھ یہ کاروبار بڑھتا، پھلتا اور پھولتا گیا۔ یہ سب کچھ اس لئے یاد آیا کہ چندسال پہلے دنوں ایک چونکا دینے والی خبر پڑھی تھی "سندھ میں عورتوں کی منڈی لگتی ہے" یعنی پاکستان جیسے نظریاتی ملک میں بھی مصر کا بازار سجایا جاتا ہے۔ خبر کے مطابق "پنجاب میں گھروں سے بھاگ کر آنے والی لڑکیاں 3 سے 5 لاکھ میں فروخت کردی جاتی ہیں اس وقت داتا دربار لاہور میں 3 بڑے گینگ سرگرم عمل ہیں جن میں کچھ پولیس اہلکار اور متعدد عورتیں بھی شامل ہیں درجنوں لڑکیاں باقاعدہ منڈی لگا کر بیچ دی گئیں یہ سنسی خیز انکشافات رحیم یار خان سے برآمد ہونے والی 2 سگی بہنوں نے کئے تھے ۔

ماضی کو چھوڑیں آج بھی یہ قبیح کاروبار کسی نہ کسی انداز میں جاری ہے بلکہ یہاں تک کہا جاتا ہے بردہ فروشوں کو بااثر شخصیات اور بعض پولیس اہلکاروں کی سرپرستی حاصل ہوتی ہے یہ لوگ گھروں سے بھاگ کر آنے والی لڑکیوں۔ اور درباروں پر سلام کیلئے آنے والی بھولی بھالی نوعمر بچیوں کو اپنی ساتھی عورتوں کی مدد سے ورغلا کرانہیں بیٹی بنالیتے ہیں اور قریبی کرائے کے مکانوں میں لے جاتے ہیں پھر لڑکیوں کو بے ہوش کردیا جاتا ہے اور موقعہ پاکر بیچ دیا جاتا ہے آئے روز اخبارات میں ایسی سٹوریاں چھپتی رہتی ہیں دنیا کے کسی نہ کسی علاقہ میں کہیں نہ کہیں ضرور مغوی لڑکیوں کی منڈیاں لگتی ہیں یہ بات وہاں کی شنید ہے بڑے بڑے جاگیردار اور وڈیرے چھوٹی عمر کی لڑکیوں کو 3 سے 5 لاکھ میں خرید کر اپنے ساتھ لے لیتے ہیں اور ان کو عیاشی کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔ بھاگنے کی کوشش میں اکثر لڑکیاں قتل ہوجاتی ہیں "عورتوں کی خرید و فروخت اور جسم فروشی دنیا کے قدیم ترین کاروبار اور پیشے ہیں پوری دنیا میں ایسے بہت سے گیسٹ ہاؤس، ہوٹل اور گلی محلوں میں یہ کام ہوتا ہے آئے روز چھاپے بھی پڑتے ہیں لیکن یہ دھندا ختم نہیں ہونے میں آتا دراصل جن ممالک میں دولت کی غیر منصفانہ تقسیم ہو، لوگوں کیلئے غربت جرم بن جائے، جہالت اور بیروزگاری ہو وہاں اس مکروہ کاروبار کو پنپنے سے کوئی نہیں روک سکتا یقیناً ایسے واقعات ہمارے معاشرہ کے منہ پر ایک زوردار طمانچہ ہیں لیکن اس کے باوجود آئے روز ایسے انکشافات ہوتے رہتے ہیں دراصل یہ معاملات لاقانونیت کے باعث رونما ہوتے ہیں جس ملک میں قانون کو موم کی ناک بنا دیا جائے۔ بھارت، بنگلہ دیش، پاکستان، افریقہ اور نہ جانے کون کون سے ممالک ایسے ہیں جہاں ایسی "منڈیاں" لگتی ہوں گی لور عورتیں غلاموں کی طرح بیچ دی جاتی ہیں دراصل عورتوں کی خرید و فروخت دنیا کا قدیم ترین کاروبار ہے جو وقت گذرنے کے ساتھ ساتھ جوان ہوتا چلا جارہا ہے شنید ہے خلیجی ممالک میں بے آسرا، غریب اور لاوارث خواتین کی خاصی مانگ ہے دراصل اس مکروہ کاروبار جس کے پیچھے ایک طاقتور مافیا سرگرم عمل ہوتا ہے جس میں ہر شعبہ سے تعلق رکھنے والے پیسے کے پجاری شامل ہوجاتے ہیں کچھ عرصہ قبل شائع ہونے والی ایک رپورٹ میں بتایا گیا تھا کہ بنگلہ دیشی عورتیں کم قیمت پر مل جاتی ہیں لیکن اس میں بردہ فروشوں کو بھاری منافع ہوتا ہے جبکہ غریب، لاوارث بھارتی، افغانی، پاکستانی خواتین کو نوکری دلانے یا پھر ماڈلنگ اور فلموں میں کام دلانے کا جھانسہ دیکر آگے بیچ دیا جاتا ہے پھر ان سے جسم فروشی کروائی جاتی ہے اور زیادہ خوبصورت خواتین کو کلبوں میں ڈانس کیلئے منتخب کرلیا جاتا ہے جن ممالک میں قانون کی حکمرانی نہ ہونے کے برابر ہو وہاں قانون اپنی "فیس" لے کر سکون سے خراٹے مارتا رہتا ہے۔ اور جب خریداروں کا دل کسی "کھلونے" سے بھر جاتا ہے تو وہ اپنے کسی دوست کو تحفے میں دیدیتا ہے اور ایسے حسین تحفوں کا تبادلہ ہوتا رہتا ہے۔ جب ہم یہ پڑھتے اور سنتے ہیں حجاج بن یوسف ایک عورت کی فریاد پر سندھ پر چڑھائی کا حکم دے دیتا ہے۔ تو آج کے حالات، اداروں کی بے بسی اور بے حسی دیکھ کر دل کو یقین ہی نہیں آتا کہ یہ ہماری روایات ہیں۔۔۔ یہ جذبہ۔۔۔ اتنی غیرت۔ اتنی جرأت کہاں گئی؟ اسلام نے تو عورت کو جتنی عزت سے نوازا اس سے پہلے کسی مذہب نے اتنی توقیر نہیں دی لیکن پیسے کی ہوس میں دن بہ دن اخلاقی اقدار ختم ہوتی جارہی ہیں۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے ایسا کیوں ہے؟ اس میں پورا معاشرہ ذمہ دار ہے ہر شخص، ہر مکتبہ فکر ہر ادارے کو اس کیلئے اپنا کردار فعال طریقے سے ادا کرنا ہوگا۔

خاص طور پر حکومت کو چاہیے کہ قانون پر سختی سے عمل کروائے جب تک قانون سب سے ایک جیسا سلوک نہیں کرے گا قانون کی حکمرانی کا خواب پورا نہیں ہوگا قانون کا خوف اور سزا کا ڈرہی معاشرے میں اطمینان کا سبب بن سکتا ہے ورنہ یہ سلسلہ دراز رہا تو معصوم، بھولی بھالی لڑکیاں اغواء ہوتی رہیں گی دور دراز علاقوں میں انسانوں کی خرید و فروخت کیلئے منڈیاں لگتی رہیں گی اور ایک وقت ایسا بھی آسکتا ہے ہم کچھ کرنا بھی چاہیں تو کچھ نہیں ہوسکے گا۔ وقت ہاتھ سے نکلتا جارہا ہے اپنے آپ کو تباہی کے گڑھے میں گرنے سے بچانے کیلئے کچھ تو ہاتھ پاؤں مارنے چاہییں۔ برصغیر میں اولیاء کرام کے مزارات، شاپنگ مال، ریلوے اسٹیشنوں، لاری اڈوں اور دیگر پبلک مقامات پر گاہے بگاہے کمانڈو طرز کا ایکشن لیا جائے ۔ سماج دشمن عناصر اور انسانیت کے دشمنوں کی سرکوبی کیلئے آخری حد تک جانا پڑے تو دریغ نہ کیا جائے بلکہ ایک ایسا ادارہ بنایا جائے تو ان مقامات کو واچ کرتا رہے اس کے ساتھ ساتھ تمام پبلک مقامات پر CCT کیمرے بھی لگائے جائیں ۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کو آزاد پیدا کیا انہیں کسی کو بیچنے کا کوئی حق نہیں"۔ کا فلسفہ حکمرانوں کی سمجھ میں آگیا انسانوں کی منڈیاں لگنا بند ہو جائیں گی۔

تاریخ بتاتی ہے قدیم ادوار میں غلاموں کی منڈی لگا کرتی تھی خریدار برہنہ، نیم برہنہ "سودا" دیکھ کر مال کی قدر و قیمت کا اندازہ لگاتے ان کی جانب فحش جملے اچھالتے۔۔۔ خوبصورت لونڈے، متناسب بدن لڑکیاں، جفاکش مرد اور خواجہ سرا کی قیمت اچھی مل جایا کرتی تھی یونانی تہذیب سے لیکر مصر کے بازار اور دور حاضر تک یہ منڈیاں کسی نہ کسی صورت "آباد" ہیں خوبصورت لونڈوں اور متناسب بدن لڑکیوں کی خریداری لوگ اپنی جنسی تسکین۔۔۔ جفاکش مرد مزدوری کیلئے اور خواجہ سرا گھریلو کام کاج کیلئے کرتے تھے۔ مذہب اسلام نے انسانوں کی خرید و فروخت کو ممنوع قرار دیتے ہوئے اسے انتہائی مکروہ فعل گردانا ہے خود نبیٔ اکرم ﷺ اور متعدد صحابہ کرام نے درجنوں غلاموں اور لونڈیوں کو آزاد کرکے انہیں اپنی مرضی سے جینے کا حق عطا فرمایا خلیفۃ المسلمین حضرت عمر فاروقؓ کا قول ہے "اللہ تعالیٰ نے انسان کو آزاد پیدا کیا انہیں کسی کو بیچنے کا کوئی حق نہیں"۔ تاریخ یہ بھی بتاتی ہے انسانوں کی خرید و فروخت کا شمار دنیا کے اولین کاروبار میں کیا جاسکتا ہے۔۔۔ وقت کے ساتھ ساتھ یہ کاروبار بڑھتا، پھلتا اور پھولتا گیا۔ یہ سب کچھ اس لئے یاد آیا کہ چندسال پہلے دنوں ایک چونکا دینے والی خبر پڑھی تھی "سندھ میں عورتوں کی منڈی لگتی ہے" یعنی پاکستان جیسے نظریاتی ملک میں بھی مصر کا بازار سجایا جاتا ہے۔ خبر کے مطابق "پنجاب میں گھروں سے بھاگ کر آنے والی لڑکیاں 3 سے 5 لاکھ میں فروخت کردی جاتی ہیں اس وقت داتا دربار لاہور میں 3 بڑے گینگ سرگرم عمل ہیں جن میں کچھ پولیس اہلکار اور متعدد عورتیں بھی شامل ہیں درجنوں لڑکیاں باقاعدہ منڈی لگا کر بیچ دی گئیں یہ سنسی خیز انکشافات رحیم یار خان سے برآمد ہونے والی 2 سگی بہنوں نے کئے تھے ۔

Show Biz
شوبز کارنر

SPORTS
کھیل کھلاڑی

اسرائیلی سفاکیت پر مبنی فلم نے ایشیا پیسیفک اسکرین ایوارڈ جیت لیا

دارین سلام اردن کی پہلی فلمساز ہیں جنہوں نے ایشیا پیسیفک اسکرین ایوارڈ جیتا ہے

سڈنی (این این آئی) اردن اور فلسطین کی فلمساز دارین سلام کی فلم 'فرحہ' نے آسٹریلیا میں ہونے والے 15 ویں ایشیا پیسیفک اسکرین ایوارڈز میں 'بیسٹ یوتھ فلم' کا ایوارڈ جیت لیا۔ فلم 'فرحہ' کو پچھلے برس ٹورنٹو انٹرنیشنل فلم فیسٹیول میں بھی نمائش کیلئے پیش کیا گیا تھا۔ 'فرحہ' کی کہانی 1947ء سے 1949ء تک کے عرصے کی ہے جب 500 فلسطینی گاؤں اور بستیوں کو تباہ کیا گیا اور 7 لاکھ سے زائد فلسطینی بیگھر ہوئے۔ ڈائریکٹر دارین سلام نے بتایا کہ فرحہ ایک مہاجر خاتون 'رادیاہ' کی اصلی کہانی سے ماخوذ ہے۔

بالی ووڈ میں پاکستانی اداکاروں کے داخلے کی راہ میں نے ہموار کی' میرا

اپنے فن کے ذریعے فلم انڈسٹری کی خدمت کی ہے، اس کیلئے کسی سے سرٹیفکیٹ کی ضرورت نہیں

لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ میرا نے کہا ہے کہ میں برملا کہتی ہوں کہ بالی ووڈ میں پاکستانی اداکاروں کے داخلے کی راہ میں نے ہموار کی، میں نے اپنے فن کے ذریعے فلم انڈسٹری کی خدمت کی ہے اور مجھے اس کے لئے کسی سے سرٹیفکیٹ کی ضرورت نہیں۔ ایک انٹرویو میں گفتگو کرتے ہوئے اداکارہ نے کہا کہ میں نے 10 سال کی عمر میں پہلا ٹی وی کمرشل کیا تھا اور اس کے بعد کامیابیوں کا نہ رکنے والا سفر شروع ہوگیا جو آج بھی جاری ہے۔ میں نے بالی ووڈ میں پاکستانی اداکاروں کے داخلے کی راہ ہموار کی اگر کوئی بغض میں اس سے انکار کرنا چاہے تو میں کچھ نہیں کرسکتی۔ انہوں نے کہا کہ میں ہمیشہ سچ بولتی ہوں اور جھوٹ سے سخت نفرت ہے، میں سچی اور کھری باتیں کرتی ہوں اور ہمارے معاشرے میں اس کا سچی اور کھری بات سننے کا رواج نہیں اس لئے اسے مذاق سمجھا جاتا ہے۔

ساری دنیا مجھے مارنا چاہے اور اللہ نہ چاہے تو کوئی میرا بال بیکا نہیں کرسکتا

میرا ایک بیٹا ہے، خواہش ہے وہ پاک فوج میں جائے اور وطن پر قربان ہو' افتخار ٹھاکر



لاہور (این این آئی) سینئر کامیڈین اداکار افتخار ٹھاکر نے کہا ہے کہ ساری دنیا مجھے مارنا چاہے اور اللہ نہ چاہے تو کوئی میرا بال بھی بیکا نہیں کرسکتا، مجھے کبھی خوف نہیں آیا کیونکہ میرا خدا کی قدرت پر یقین رکھتا ہوں، میرا ایک ہی بیٹا ہے اور میری خواہش ہے وہ پاک فوج میں جائے اور وطن پر قربان ہو۔ ایک انٹرویو میں افتخار ٹھاکر نے کہا کہ میں واضح کرچکا ہوں میں بچوں پر اپنی مرضی مسلط نہیں کروں گا وہ جس شعبے میں جانا چاہیں ان کی مرضی ہے۔ اداکار نے بتایا کہ میں بھی پاک فوج میں بھرتی ہونے کے لئے گیا تھا۔

مہک نور کیلئے 2022ء کی بہترین اداکارہ کا ایوارڈ

میں نے کوئی چور دروازہ اور شارٹ کٹ استعمال نہیں کیا' اداکارہ

لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ مہک نور کو 2022ء کی بہترین اداکارہ کا ایوارڈ مل گیا۔ پاکستان پیس فورم کلچر کے زیر اہتمام ہونے والی ایک تقریب میں فلم اور اسٹیج کی مہک نور کو بہترین اداکاری پر 2022ء کی بہترین اداکارہ کا ایوارڈ دیا گیا۔ اداکارہ نے کہا کہ مجھے خوشی ہے کہ میری اداکاری کو اس قابل سمجھا گیا کہ مجھے ایوارڈ ملا۔ میں نے کوئی چور دروازہ اور شارٹ کٹ راستہ استعمال نہیں کیا۔ میں نے اپنے کام کی وجہ سے لوگوں کے دلوں میں گھر کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جسے پرستار چاہتے ہیں وہ سپر سٹار ہے۔

عالیہ بھٹ کی نوزائیدہ بیٹی کے ساتھ تصویر سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی

کراچی (این این آئی) بالی ووڈ سٹار عالیہ بھٹ کی بیٹی کے ساتھ تصویر سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق رواں سال شادی کے بندھن میں بندھنے والی بالی ووڈ کی مشہور جوڑی عالیہ بھٹ اور رنبیر کپور نے 6 نومبر کو اپنی بیٹی کو دنیا میں خوش آمدید کہا تھا جس کے بعد عالیہ اور رنبیر کے مداح اپنی سپر اسٹار جوڑی کی پہلی اولاد کی ایک جھلک کے منتظر تھے۔ تاہم اب ان کا انتظار ختم ہوا کیونکہ عالیہ کی ہسپتال سے بیٹی کے ساتھ لی گئی تصویر لیک ہوگئی جو سوشل میڈیا پر گردش کررہی ہے۔

معاشرے میں منفی رجحانات فروغ پارہے ہیں' فضیلہ قیصر

سوشل میڈیا کے پلیٹ فارمز کو نوجوان نسل کی تربیت کیلئے استعمال کیا جانا چاہیے

لاہور (این این آئی) سینئر اداکارہ فضیلہ قیصر نے کہا ہے کہ بچوں کی تربیت میں والدین کا کلیدی کردار ہوتا ہے، معاشرے میں عدم برداشت اور اسی طرز کے دیگر منفی رجحانات تیزی سے فروغ پارہے ہیں لیکن بدقسمتی سے ان کی روک تھام یا اصلاح کیلئے عملی طور پر کاوشیں ہوتی ہوئی دکھائی نہیں دیتیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ تعلیمی ادارے بڑی بڑی فیسیں تو مانگتے ہیں لیکن یہاں کردار سازی پر توجہ نہیں دی جاتی جبکہ والدین بھی اپنی مصروفیات کے باعث بچوں کو اس طرح وقت نہیں دیتے جس کی انہیں ضرورت ہے۔

پی ٹی وی کا عروج واپس لانے کیلئے انقلابی اقدامات ناگزیر ہیں' جاوید رضاء

ایک دور تھا جب پی ٹی وی پر ڈرامہ لگتا تھا تو شاہراہیں، گلیاں محلے سنسان ہوجایا کرتے تھے



لاہور (این این آئی) سینئر اداکار جاوید رضا نے کہا ہے کہ پی ٹی وی کا عروج واپس لانے کے لئے انقلابی اقدامات ناگزیر ہیں، جس طرح نجی ٹی وی چینلز پر ڈرامہ سیریلز آن ائیر ہورہی ہیں اسی کو مد نظر رکھتے ہوئے پی ٹی وی انتظامیہ کو بھی لائحہ عمل مرتب کرنا چاہیے ۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پی ٹی وی کو پرائیویٹ پروڈکشن سے ڈرامے خریدنے کی بجائے پہلے کی طرح اپنی پروڈکشن کرنی چاہیے ۔ ایک دور تھا جب پی ٹی وی پر ڈرامہ پیش ہوتا تھا تو جاندار کہانی کی وجہ سے شاہراہیں اور گلیاں محلے سنسان ہوجایا کرتے تھے۔ سوال یہ ہے کہ کیا وجہ ہے اتنے وسائل ہونے کے باوجود پی ٹی وی اپنی ساکھ بحال نہیں کر پارہا۔

دوست کی سالگرہ پر پھسلنے سے گلین میکسویل کی ٹانگ ٹوٹ گئی

پارٹی کے دوران میکسویل اپنے ایک اور دوست سے ٹکرا گئے جس کے نتیجے میں دونوں گر پڑے

سڈنی (یو این پی) آسٹریلیا کے آل راؤنڈر گلین میکسویل دوست کی سالگرہ پر پھسلنے سے زخمی ہوگئے جس کے بعد انہیں 3 ماہ کے آرام کا مشورہ دیا گیا ہے۔ آسٹریلوی کرکٹ بورڈ کے مطابق یہ واقعہ میلبرن میں ہفتے کی شب پیش آیا جہاں میکسویل اپنے دوست کی 50 ویں سالگرہ میں شرکت کے لیے گئے ہوئے تھے۔ سالگرہ کی پارٹی کے دوران میکسویل کا پاؤں پھسل گیا جس سے وہ زخمی ہوگئے۔ کرکٹ آسٹریلیا کا بتانا ہے کہ پارٹی کے دوران میکسویل اپنے ایک اور دوست سے ٹکرا گئے جس کے نتیجے میں دونوں گر پڑے، کرکٹر کے دوست ان کی ٹانگ پر گرے جس کے باعث ٹانگ میں فریکچر ہوگیا جبکہ اس حادثے میں دوست محفوظ رہے۔ رپورٹس کے مطابق 34 سالہ میکسویل کا اتوار کو آپریشن ہوگا تاہم اگلے ہفتے سے انگلینڈ کے خلاف ون ڈے سیریز میں میکسویل نہیں ہوں گے۔ ڈاکٹرز نے آسٹریلوی کرکٹر کو 3 ماہ یا اس سے زیادہ کا آرام کا مشورہ دیا ہے۔ گلین میکسویل کی جگہ آسٹریلوی اسکواڈ میں سین ایبٹ کو شامل کیا گیا ہے۔ آسٹریلیا کے آل راؤنڈ گلین میکسویل دوست کی سالگرہ پر پھسلنے سے زخمی ہوگئے جس کے بعد انہیں 3 ماہ کے آرام کا مشورہ دیا گیا ہے۔ آسٹریلوی کرکٹ بورڈ کے مطابق یہ واقعہ میلبرن میں ہفتے کی شب پیش آیا جہاں میکسویل اپنے دوست کی 50 ویں سالگرہ میں شرکت کے لیے گئے ہوئے تھے۔

پاکستان کرکٹ ٹیم انگلینڈ کو شکست دینے کی صلاحیت رکھتی ہے' عمر اکمل

کوشش ہے گریڈون میں اچھا پرفارم کرکے سلیکٹرز کی توجہ حاصل کروں' کرکٹر کی گفتگو

لاہور (این این آئی) کرکٹر عمر اکمل نے کہا ہے کہ پاکستان کرکٹ ٹیم انگلینڈ کو شکست دینے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جس طرح قومی ٹیم نے سیمی فائنل میں فتح حاصل کی تھی ویسے ہی کھیلی تو پاکستان ضرور فائنل میں کامیابی حاصل کرلے گا۔ انہوں نے کہا کہ میرا کام کرکٹ کھیلنا اور اپنی بہترین پرفارمنس دینا ہے جو کہ میں دے رہا ہوں۔ کوشش ہے کہ گریڈون میں اچھا پرفارم کرکے سلیکٹرز کی توجہ حاصل کروں۔ عمر اکمل ان دنوں پاکستان کرکٹ بورڈ ایسوی ایشن چیمپئن شپ میں گریڈ ٹو کرکٹ کھیل رہے ہیں، وہ سینٹرل پنجاب سیکنڈ الیون کی نمائندگی کررہے ہیں۔ جس طرح قومی ٹیم نے سیمی فائنل میں فتح حاصل کی تھی ویسے ہی کھیلی تو پاکستان ضرور فائنل میں کامیابی حاصل کرلے گا۔ انہوں نے کہا کہ میرا کام کرکٹ کھیلنا اور اپنی بہترین پرفارمنس دینا ہے جو کہ میں دے رہا ہوں۔ کوشش ہے کہ گریڈون میں اچھا پرفارم کرکے سلیکٹرز کی توجہ حاصل کروں۔

دعاؤں نے کام کردیا اس لیے اب ہمارا وقت ہے، شاداب خان

ہماری طاقت بولنگ اور انگلینڈ کی طاقت بیٹنگ ہے، فائنل بہترین ہوگا، انٹرویو

میلبرن (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے بولنگ آل راؤنڈر شاداب خان نے کہا ہے کہ ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ کے فائنل کیلئے بہت پُرجوش ہیں، ہماری طاقت بولنگ اور انگلینڈ کی طاقت بیٹنگ ہے، فائنل بہترین ہوگا۔ برطانوی میڈیا پر انگلینڈ کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان ناصر حسین کو انٹرویو دیتے ہوئے شاداب خان نے کہا کہ انگلینڈ سابق چیمپئن ہے اور اس کے پاس بہترین کھلاڑی بھی ہیں، دعاؤں نے کام کردیا اس لیے اب ہمارا وقت ہے۔ ورلڈکپ کے سفر سے متعلق پوچھے گئے سوال پر شاداب خان نے کہا کہ بطور ٹیم ہم نے اچھا کھیلا، پاک بھارت میچ دونوں ٹیموں کے لیے بہت بڑا ہوتا ہے۔ شاداب خان نے کہا کہ بھارت کے خلاف ہم نے میچ جیتنے کی کوشش کی تھی، بچپن سے ہم بھی یہی سوچتے تھے کہ ورلڈکپ

موجودہ ٹیم 92ء کی ٹیم سے زیادہ بہادر، انرجی والی ہے، سید افتخار شاہ

میلبرن (این این آئی) پاکستانی ٹیم کے فین سید افتخار شاہ نے کہا ہے کہ موجودہ ٹیم 92ء کی ٹیم سے زیادہ بہادر، انرجی والی ہے۔ تفصیلات کے مطابق سید افتخار شاہ 50 سال سے میلبرن میں رہائش پذیر ہیں، 1992ء ورلڈکپ کا فائنل انہوں نے میلبرن گراؤنڈ میں بیٹھ کر دیکھا تھا اور اب وہ 2022ء کے ٹی 20 ورلڈکپ کا فائنل دیکھنے کی تیاری کررہے ہیں جو اتوار کو اسی گراؤنڈ پر پاکستان اور انگلینڈ کی ٹیموں کے درمیان کھیلا جائے گا۔ سید افتخار شاہ نے بتایا کہ 1992ء میں فائنل سے ایک روز پہلے انہوں نے پوری ٹیم کی دعوت کی تھی، مرحوم عبدالقادر ان کے بہترین دوستوں میں سے تھے۔ انہوں نے بتایا کہ فائنل کے روز بھی دوپہر کے کھانے کیلئے وسیم اکرم نے بریانی کی فرمائش کی جو وہ گھر سے بنوا کر ہوٹل لے کر گئے۔

بھارتی صحافی نے پاکستان کرکٹ ٹیم کے کپتان بابر اعظم سے وزیراعظم شہباز شریف کی ٹوئٹ سے متعلق سوال پوچھ لیا

میلبرن (این این آئی) ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ کے فائنل سے ایک دن قبل میلبرن میں پریس کانفرنس کے دوران بھارتی صحافی نے پاکستان کرکٹ ٹیم کے کپتان بابر اعظم سے وزیراعظم شہباز شریف کی ٹوئٹ سے متعلق سوال پوچھ لیا۔ بھارتی صحافی نے بابر اعظم سے کہا کہ آپ کے ملک کے وزیراعظم شہباز شریف نے سیمی فائنل میں بھارت کی شکست پر 152 اور 170 سے متعلق ٹوئٹ کیا۔ بھارتی صحافی نے بابر اعظم سے سوال کیا کہ وزیراعظم کے ٹوئٹ سے کیا دباؤ بڑھتا ہے۔ بابر اعظم نے جواب میں معذرت کرتے ہوئے کہا کہ میں نے یہ ٹوئٹ نہیں دیکھی، مجھے اس چیز کا علم نہیں۔ انہوں نے کہا کہ دباؤ تو ایسا کچھ نہیں ہے، کوشش یہی ہوتی ہے مخالف ٹیم کے خلاف بہترین کارکردگی دیں اور اچھی کرکٹ کھیلیں۔ واضح رہے کہ جمعرات کو ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ کے دوسرے سیمی فائنل میں انگلینڈ نے بھارت کو 10 وکٹ سے شکست دے کر فائنل کے لیے کوالیفائی کیا تھا، جس کے بعد وزیراعظم شہباز شریف نے ٹوئٹ کی تھی۔ وزیراعظم نے اپنے ٹوئٹ میں لکھا کہ ٹی 20 ورلڈکپ 2022 فائنل، اتوار کو (انگلینڈ) 170/0 اور (پاکستان) 152/0 کا ٹاکرا ہوگا۔

بھارتی خاتون ریسلر اور ایم ایم اے فائٹر ریتو پھوگٹ نے اپنے منگیتر سچن سنگھ سے شادی کرلی

بھارتی میڈیا کے مطابق ریتو پھوگٹ کی دیگر 2 بہنیں بھی ریسلر ہیں

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی خاتون ریسلر اور ایم ایم اے فائٹر ریتو پھوگٹ نے اپنے منگیتر سچن سنگھ سے شادی کرلی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ریتو پھوگٹ نے شادی کی تصاویر اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر بھی شیئر کیں جس کے بعد انہیں مبارکباد دینے کا سلسلہ شروع ہوگیا۔ بھارتی مکسڈ مارشل آرٹ فائٹر ریتو پھوگٹ نے ٹوئٹر پر لکھا کہ شادی کا دن میرے لیے بہت ہی خاص تھا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ریتو پھوگٹ کی دیگر 2 بہنیں بھی ریسلر ہیں۔ واضح رہے کہ ریتو پھوگٹ نے 2016ء میں

ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ کے فائنل میچ کا ٹاس 8 منٹ قبل ہوگا

میلبرن (این این آئی) میلبرن میں ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ کے فائنل میچ کا ٹاس (آج) اتوار کو 8 منٹ قبل ہوگا۔ میلبرن کرکٹ گراؤنڈ میں پاکستان اور انگلینڈ کے درمیان میچ کا ٹاس مقامی وقت کے مطابق 6 بج کر 22 منٹ پر ہوگا۔ پاکستانی وقت کے مطابق فائنل میچ کا ٹاس دوپہر 12 بج کر 22 منٹ پر ہوگا۔ میلبرن میں فائنل ٹاس کے بعد میوزیکل پروگرام ہوگا جس میں مقامی گلوکار اپنے فن کا مظاہرہ کریں گے۔ فائنل میچ کے بعد آتش بازی کا بھی شاندار مظاہرہ کیا جائے گا۔

سچن ٹنڈولکر سمجھدار تھا وریندر سہواگ نہیں، سارو گنگولی

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان سارو گنگولی نے کہا ہے کہ سچن ٹنڈولکر کے ساتھ بیٹنگ کرنے میں زیادہ مزہ آتا تھا، اسی نے مجھے بہتر کھلاڑی بھی بنایا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے سارو گنگولی نے کہا کہ وریندر سہواگ سے زیادہ سچن ٹنڈولکر سمجھدار تھے، اس نے میرا کھیل بہتر کرنے اور مجھے اٹھانے میں مدد کی۔ سارو گنگولی نے کہا کہ سچن ٹنڈولکر کو میں نے بہت قریب سے دیکھا ہے، وہ بہت خاص انسان ہے۔ بھارتی کرکٹ بورڈ کی صدارت یا پھر ٹیم کی قیادت میں سے ایک کو پسند کرنے سے متعلق سوال پر سارو گنگولی نے کہا کہ وہ ٹیم کی قیادت کرنا چاہیں گے۔

دوسری سٹوڈنٹس اولمپک گیمز (آج) سے حیدرآباد میں شروع ہوگی

گیمز کے تمام انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں، صدر مقبول آرائیں

حیدرآباد (یو این پی) پاکستان سٹوڈنٹس اولمپک ایسوی ایشن کے زیر اہتمام اور حیدرآباد سٹوڈنٹس اولمپک ایسوی ایشن کے تعاون سے دوسری سٹوڈنٹس اولمپک گیمز (آج) پیر سے حیدرآباد میں شروع ہوگی۔ گزشتہ روز پاکستان سٹوڈنٹس اولمپک ایسوی ایشن کے صدر مقبول آرائیں نے بتایا کہ گیمز کے تمام انتظامات مکمل کرلئے گئے ہیں۔ گیمز میں نو مختلف کھیلوں کے مقابلوں کو شامل کیا گیا ہے جن میں باسکٹ بال، بیڈمنٹن، کرکٹ، فٹ سال، روپ سکپنگ، نیٹ بال، تھرو بال، ٹیبل ٹینس اور رسہ کشی شامل ہیں۔ ایونٹ میں تین ایج کیٹگریز کے مقابلے رکھے گئے ہیں۔ ان میں انڈر 13، انڈر 16 اور انڈر 19 کے مقابلے شامل ہیں۔ ایونٹ کی اختتامی تقریب 17 نومبر کو ہوگی جس کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والی ٹیموں کے کھلاڑیوں میں ٹرافیاں، اسناد اور میڈلز تقسیم کئے جائیں گے۔

بقیہ 1

۔انہوں نے کہا کہ اس وقت ملک میں ڈھائی کروڑ بچے سکول سے باہر ہیں میں نے تمام علما کرام اور وزارت تعلیم کے لوگوں کو اکھٹا بٹھانا شروع کیا ہے تا کہ آؤٹ آف سکول بچوں کو تعلیمی سرکل میں لایا جاسکے،علمانے کہا ہے کہ فجر سے ظہر تک ہمارے پاس جگہیں موجود ہیں وہاں بچوں کو پڑھایا بھی جاسکتا ہے۔ڈاکٹر عارف علوی نے کہا کہ اپنی تعلیم مکمل کرنے کے بعد اور ڈگری کے حصول کے بعد آپ جب معاشرے میں اپنے روزگار کے لیے جائیں گےتو آپ اپنی تعلیم کو لوگوں کے دکھوں کا مداوا بننے میں استعمال کریں،معاشرے میں مثبت اور اصلاحی اقدامات کے لیے اپنا کردار ادا کریں تا کہ ہم ایک کامیاب معاشرہ تشکیل دے سکیں۔صدر مملکت نے کہا کہ منہاج یونیورسٹی میں پچاس فیصد طالبات کا پڑھنا بہت خوشی کی بات ہے اس سے معاشرہ ترقی کی جانب گامزن ہوگا۔صدر مملکت نے مزید کہا کہ نوجوان نسل ہمارا قیمتی اثاثہ ہے،نوجوان ملکی تقدیر بدل سکتے ہیں۔قبل ازیں ڈپٹی چیئرمین منہاج یونیورسٹی ڈاکٹر حسین محی الدین نے خطبہ استقبالیہ پیش کیا اور جامعہ کی کارکردگی رپورٹ پیش کی۔شیخ الاسلام پروفیسر ڈاکٹر طاہرالقادری نے کانووکیشن تقریب میں وڈیو لنک خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ترقی اور خوشحالی کی چابی تعلیم یافتہ باکردار نوجوانوں کے ہاتھ میں ہے، تربیت کے بغیر تعلیم بے فائدہ ہے،نوجوان علم و تحقیق کے ساتھ دائمی رشتہ استوار کریں اور کردار کو شفاف رکھیں۔کانووکیشن میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ساجد محمود شہزاد نے منہاج یونیورسٹی لاہور کا تعارف اور مختلف ڈگری پروگرامز کے بارے میں شرکا کانووکیشن کو آگاہ کیا اور بتایا کہ منہاج یونیورسٹی لاہور اپنے بہترین ڈگری پروگرامز اور معیاری تعلیم وتربیت کی بدولت نجی تعلیمی شعبے میں ایک خاص مقام رکھتی ہے۔کانووکیشن میں 57 طلبہ کو گولڈ میڈل،172 کو رول آف آنر اور62 طلبہ کو میرٹ سکالرشپس دیئے گئے۔علاوہ ازیں بے مثال تعلیمی کارکردگی پر منہاج یونیورسٹی کے مختلف تعلیمی شعبہ جات کے طلبہ کوایوارڈز سے بھی نوازا گیا۔ان طلبا و طالبات میں بی ایس اسلامک سٹڈیز کے سید ابتسام علی اور بی ایس کیمسٹری کی طالبہ ملیحہ صادقہ کو بابا گورو نانک ایوارڈ اور ایک لاکھ روپے فی کس دیا گیا۔اسی طرح بی ایس میتھمیٹکس کی عروج فاطمہ کو بابا فرید ایوارڈ اور ایک لاکھ روپے جبکہ بی ایس کمپیوٹر سائنس کی مایہ بنت یوسف کو سید ناطاہر علاؤالدین ایوارڈ اور ایک لاکھ روپے دیئے گئے جبکہ ڈاکٹر آف کلینیکل نیوٹریشن امبرین امجد کو دیوان فوڈ ایوارڈ اور ایک لاکھ روپے دیئے گئے۔کانووکیشن میں صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان ڈاکٹر عارف علوی نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی جبکہ اس موقع پر سپیکر پنجاب اسمبلی سبطین خان،سیکرٹری پنجاب اسمبلی عنایت اللہ لک،ڈپٹی چیئرمین بی او جی منہاج یونیورسٹی ڈاکٹر حسین محی الدین قادری،وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ساجد محمود شہزاد،کانووکیشن میں ناظم اعلیٰ منہاج القرآن انٹرنیشنل خرم نواز گنڈاپور،تاجر رہنما،بابر جاوید بٹ،طارق نثار سمیت مختلف سیاسی اور سماجی شخصیات کے علاوہ منہاج یونیورسٹی کے ڈینز،ایچ او ڈیز اور پوزیشن ہولڈرز طلبہ اور والدین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔بعد ازاں سالانہ کانووکیشن میں 1562 گریجوئٹس میں ڈگریاں اور عمدہ کارکردگی پر میڈلز تقسیم کئے گئے۔

بقیہ 2

اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر نوشہرہ کے رہائشی ملزم کے پیٹ سے 66 آئس بھرے کیپسولز برآمد کئے ہیں، ملزم دوحہ جارہا تھا۔دوسری کارروائی کے دوران اے این ایف نے بُرہان ٹول پلازہ پر اٹک کے رہائشی ملزم سے 1 کلو سے زائد افیون برآمد کرلی۔ تیسری کارروائی کے دوران باچہ خان انٹرنیشنل ائیرپورٹ پشاور پر بنوں کے رہائشی ملزم کے پیٹ سے 4 ہیروئن بھرے کیپسولز برآمد کئے،ملزم بحرین جارہا تھا۔ چوتھی کارروائی کے دوران کوئٹہ میں 2 ملزمان سے 6 کلو چرس برآمد کئے۔پانچویں کارروائی کے دوران تُوکنڈی سے 25 کلو ہیروئن،10 کلوافیون،74 کلومیتھ اور 21 کلوکرسٹل آئس برآمد کرلی ہے۔ملزمان کیخلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کرکے تحقیقات کا آغاز کردیا گیاہے۔

بقیہ 3

ئی پر ہونے والے تشدد کی تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے۔ وائس چیئرمین تحریک انصاف شاہ محمود قریشی نے دیگر رہنماؤں کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ چیف جسٹس سے استدعا کررہے ہیں کہ ان واقعات پر ایک جوڈیشل کمیشن تشکیل دیا جائے، بہت سے ارکان اسمبلی اور شہری جاننے چاہتے ہیں کہ اصل حقیقت کیا ہے؟ عثمان بزدار نے سپریم کورٹ لاہور رجسٹری میں درخواست جمع کرائی ہے۔ چاہتے ہیں کہ 3 نکات پر توجہ دی جائے،عمران خان پر قاتلانہ حملے کی تحقیقات ہونی چاہیے،اور اسی طرح ارشد شریف قتل کیس کی بھی چھان بین ہونی چاہیے۔ ہماری درخواست ہے چیف جسٹس پہلی فرصت میں اس پر کارروائی کریں۔فواد چوہدری کا کہنا تھا کہ عمران خان پر حملے کی ایف آئی آر درج نہیں ہو رہی،ایف آئی آر کا مطلب ہے کہ آپ کو ہر حال میں درج کرنا ہوتی ہے۔ ہماری لڑائی آئین اور جمہوریت کی بحالی کیلئے ہے،ہم نے اداروں کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرنا ہے۔انہوں نے کہا کہ بند کمروں میں اب پاکستان کے فیصلے نہیں ہوسکتے ،آپ فیصلوں کو درست کریں ہم ہر ممکن تعاون کریں گے، برطانوی عدالت نے التوا کی درخواست پر شہباز شریف کو جرمانہ کیا۔دوسری جانب سینئر صحافی اور اینکر پرسن ارشد شریف قتل کیس کی جوڈیشل انکوائری کیلئے ایک اور خط لکھ دیا گیا۔صحافی ارشد شریف کی شہادت پر جوڈیشل انکوائری کمیشن بنانے کے لیے متعلقہ حکام کو خط لکھا گیا ہے۔اس بار اظہر صدیق ایڈووکیٹ نے صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی،وزیراعظم شہباز شریف اور وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری سمیت دیگر متعلقہ حکام کو خط ارسال کیا۔خط میں کہا گیا کہ ارشد شریف کا قتل کینیا کی حکومت کی ناکامی ہے، جس کی بنیاد پر ارشد شریف کا معاملہ انٹرنیشنل کورٹ آف جسٹس میں اٹھایا جائے۔

بقیہ 4

شیخ رشید نے ٹویٹر پر اپنے بیان میں کہا کہ ملک کی بدقسمتی ہے کہ بزدل کرپٹ لوگ آگے آگئے ہیں۔ان کا حقیقی دارالحکومت لندن ہے،اور پاکستان میں تاوان لینے آتے ہیں،نواز شریف نے جس کو بھی تعینات کیا اُسی سے پھڈا کیا۔لندن میں فیصلہ کرنے کے بعد اتحادیوں کی کوئی حیثیت نہیں،عوام مہنگائی سے مرگئی،معیشت اور خارجہ پالیسی تباہ ہوگئی۔سابق وزیر داخلہ کا کہنا تھا کہ عمران خان کے سب سے اچھے تعلقات سعودی پرنس سے ہیں،بدعنوان لوگ اہم عہدوں پر آگئے نیب میں کیس ختم کرانے والوں کا تانتا بندھا ہے۔احتساب اور حساب ختم نہیں ہوگا،30 نومبر تک سیاست واضح ہو جائے گی۔قبل ازیں شیخ رشید نے کہا کہ نااہل حکمران اہم تعیناتی کا فیصلہ بھی اپنے ملک میں کرنے کے اہل نہیں۔بے اختیار وزیراعظم 6 ماہ میں 5 بار فیصلہ لینے لندن جاتے ہیں، گیلپ کے مطابق 88 فیصد بزنس کمیونٹی حکومتی پالیسی سے نالاں ہے۔سیاسی عدم استحکام،سیاسی عذاب یا سیاسی انقلاب زیادہ دور نہیں، بے یقینی کے بادل منڈلا رہے ہیں آئی ایم ایف ہاتھ نہیں پکڑ ا رہا، فاصلیا تنے بڑھ گئے ہیں کہ غلطی کی گنجائش نہیں،30 نومبر تک آر یا پار ہوجائے گا۔سابق وزیر داخلہ کا کہنا تھا قوم کی بہتری بھلائی نہیں بلکہ اپنے کیس ختم کرانا مطلوب تھا،نیب کے دفتر میں کیس ختم کرانے کے لیے جھمگٹا لگا ہوا ہے۔نیب قوانین میں ترمیم پر کوئی صاحب ضمیر خوش نہیں،قوم مہنگائی سے مر رہی ہے اور یہ ٹوپیاں بدل رہے ہیں، نااہل حکمران اہم تعیناتی کا فیصلہ بھی اپنے ملک میں کرنے کے اہل نہیں۔

بقیہ 5

سویپ کریگی تحریک انصاف کی حکومت کی کارکردگی سے آزاد خطہ کے عوام مطمئن ہے اپوزیشن کو بلدیاتی الیکشن بھاگنے نہیں دینگے بلدیاتی الیکشن ہونا وقت کی اہم ضرورت ہے تحریک انصاف کی حکومت نے اقتدار میں آتے ہی بلدیاتی الیکشن کرانے کا جو اعلان کیا تھا اس پر عملی جامہ پہنانے کا وقت آگیا ہے اپوزیشن بلدیاتی الیکشن کی راہ میں روڑے اٹکانے سے باز رہے بلدیاتی الیکشن میں اپوزیشن کو بدترین شکست ہوگی چوہدری شبیر گورسی نے مزید کہا کہ حلقہ کھوئی رٹہ کی بارہ یونین کونسلز سے تحریک انصاف کے امیدوار میدان مارے گے تحریک انصاف کے حلقہ کھوئی رٹہ کے کارکنان متحد و منظم ہوکر جماعت کے ٹکٹ ہولڈروں کی کامیابی کیلئے اپنا کردار ادا کرے تحریک انصاف ہی وہ واحد جماعت ہے جو آپ کے مسائل کو حل کرسکتی ہیں بلدیاتی الیکشن میں نئی قیادت بھی اُبھر کر سامنے آئے گی انہوں نے حلقہ کے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ تحریک انصاف کے امیدواروں کا کامیاب بنائیں انشاء اللہ آپ کے مسائل آپکی دہلیز پر حل ہونگے۔

بقیہ 6

لانگ مارچ کے سلسلے میں متعلقہ روٹس پر انتظامی وحفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا۔انہوں نے متعلقہ ڈیوٹی سٹاف کو چوکس انداز میں فرائض کی انجام دہی کی ہدایت کی اور کہا کہ امن وامان کا قیام اولین ترجیح ہے۔انہوں نے کہا کہ لانگ مارچ روٹس کے باعث شہریوں کی آمدورفت کے لئے متبادل انتظامات کئے گئے جبکہ سی سی ٹی وی کیمروں کے ذریعے تمام تر انتظامی وحفاظتی امور کی مسلسل نگرانی جاری رہی۔انہوں نے ضلعی انتظامیہ کے دیگر افسران کو بھی متحرک رکھا اور لاء اینڈ آرڈرز کے پیش نظر انتظامات کی خود بھی مانیٹرنگ کرتے رہے۔

بقیہ 7

اور قوم کے مستقبل کو داؤ پر لگادیا۔قوم کو جھوٹ سکھا کر اب کہتے ہیں کہ امریکی سازش والی بات ختم؟ وفاقی وزیر اطلاعات کا کہنا تھا کہ چیئرمین تحریک انصاف نے اپنے سیاسی مفادات کیلئے ملکی مفادات کے ساتھ سنگین کھیل کھیلا،عمران سے سوال نہیں بلکہ آج چیئرمین تحریک انصاف کی بات پر یقین کرنے والوں کے لئے سوال ہے،چیئرمین تحریک انصاف نے اپنے حامیوں کو پاگل اور بھیڑ بکریاں سمجھ رکھا ہے۔انہوں نے کہا کہ عمران خان نے اقتدار کی خاطر ملکی خارجہ تعلقات کو سنگین خطرات میں ڈالا۔قبل ازیں مریم اورنگزیب نے کہا کہ عمران خان نے چار سال قوم کو تماشہ بنائے رکھا اور اب وہ خود تماشہ بن گئے۔چیئرمین تحریک انصاف نے عوام کے روزگار اور مہنگائی پر تماشہ لگایا۔مریم اورنگزیب نے کہا کہ عمران خان نے2014 سے ملک میں تماشہ لگایا ہوا ہے تاہم اب وہ خود تماشہ بن چکے ہیں۔اب عمران خان کے تماشے بے نقاب ہو چکے ہیں۔چیئرمین تحریک انصاف نے چار سال الزام، بہتان اور جھوٹ کا تماشہ لگایا جبکہ عوام کے روزگار اور مہنگائی پر بھی تماشہ لگایا۔ملک میں نہ صرف لوٹ مار بلکہ ذاتی سیاست پر قومی مفادات قربان کرنے کے بھی تماشے لگائے گئے۔

بقیہ 8

یہاں وزارت خارجہ میں یورپی یونین کی کمشنر برائے مائیگریشن اینڈ ہوم افیئر زیلوا جوہانسن کے ہمراہ مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔وزیر مملکت برائے امور خارجہ نے کہا کہ قانونی طور پر بیرون ملک جانے والوں کے لئے آسانی پیدا کرنے کے لئے کوششیں جاری ہیں، غیر قانونی ہجرت روکنے کے لئے قانون سازی بھی کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ بیرون ملک جانے والوں کے لئے مختلف شعبوں میں پیشہ ورانہ مہارت کو فروغ دے رہے ہیں۔وزیر مملکت برائے امور نے کہا کہ مہاجرین کے حوالے سے پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان تعاون موجود ہے۔اس موقع پر یورپی یونین کی کمشنر برائے مائیگریشن اینڈ ہوم افیئر زیلوا جوہانسن نے کہا کہ پاکستان یورپین یونین کے لئے اہم اور تذویراتی شراکت دار ہے،ہم پاکستان کے ساتھ مل کر بہت سے شعبوں میں نمایاں کام کرسکتے ہیں، ہنرمند افرادی قوت کی یورپی مملکت تک رسائی آسان بنانے کی ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ انسداد دہشت گردی میں پاکستان کی خدمات قابل تحسین ہیں،مہاجرین کے حوالے سے پاکستان اور یورپین یونین کے درمیان تعاون موجود ہے، تعاون سے انسداد منشیات کے حوالے سے بھی اہم پیش رفت ممکن ہے، یورپی ملکوں کے پاس مختلف شعبوں میں ہنرمند افرادی قوت کی کمی ہے۔

بقیہ 9

ہیں ماہرین صحت کے مطابق ذیابیطس کی بیماری پر قابو نہ پایا گیا تو آئندہ 20 سالوں میں اس کے مریضوں کی تعداد دوگنی ہوجائے گی۔ آنے والے کچھ سالوں میں پاکستان میں 25 فیصد افراد اس بیماری کا شکار ہوسکتے ہیں۔

بقیہ 10

کراچی منتقل کیا گیا۔حادثے کے باعث پشاور سے کراچی کیلئے پی کے 351 دو گھنٹے سے زائد تاخیر کا شکار ہوگئی۔مسافروں نے پرواز تاخیر کا شکار ہونے پر ایئر پورٹ پر احتجاج کیا، جبکہ ترجمان سی اے اے کا کہنا ہے کہ پی آئی اے کا طیارہ جدہ سے پشاور پہنچا تھا جو سلپ کر گیا،رن وے بند ہونے سے دو پروازوں کو اسلام آباد موڑ دیا گیا ہے۔رن وے کلیئر کردیا گیا ہے اور کراچی کی پرواز جلد روانہ کردی جائے گی۔واضح رہے کہ گزشتہ دنوں کراچی ایئرپورٹ پر غیرملکی ایئرلائن کا طیارہ بھی اس وقت حادثے سے بال بال بچا، جب دوحہ سے کراچی آنے والی غیرملکی پرواز کے طیارے سے لینڈنگ کے دوران پرندہ ٹکرایا۔سول ایوی ایشن ذرائع نے کہا کہ پرندہ طیارے کے انجن نمبر ون سے ٹکرایا تو کپتان نے ایئر ٹریفک کنٹرول کو پرندہ ٹکرانے سے متعلق آگاہ کیا، طیارے سے پرندہ ٹکرایا مگر کوئی نقصان نہیں ہوا، غیرملکی پرواز کیو آر610 میں160 سے زائد مسافر سوار تھے۔

بقیہ 11

بتا کس سے محبت کی جزا مانگے گا؟"سجدہ خالق کو بھی، ابلیس سے یارانہ بھی"حشر میں کس سے عقیدت کا صلہ مانگے گا؟"قطعہ شیئر کرنے والے چیئرمین پاکستان تحریک انصاف نے ٹوئیٹ کے کیپشن میں لکھا،" یہ شاعری ایسے انسانی معاشروں کی طرف عکاسی کرتی ہے جو ناانصافی اوراخلاقی اقدار کی تنزلی کا سامنا کرتے ہوئے بھی غیرجانبدار رہتے ہیں"۔عمران خان نے مزید لکھا کہ ایسے معاشرے کو اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کسی سے امید نہیں رکھنی چاہیے جیسا کہ اس نے قرآن میں کہا ہے کہ"اچھی بات کا حکم دو اور برائی سے روکو"۔عمران خان کی جانب سے شیئر کیا جانے والا یہ قطعہ شاعر مشرق علامہ محمد اقبال سے منسوب ہے تاہم بہت سے محققین یہ دعویٰ بھی کرتے ہیں کہ یہ اقبال کے اشعار نہیں ہیں۔

بقیہ 12

مبر 2000 پختون جرگے نے ڈیورنڈ لائن کے اطراف آزادانہ نقل وحمل کا مطالبہ کیا، آج کا دن تاریخ میں 15 نومبر 1999 نواز شریف حکومت کی برطرفی عدالت میں چیلنج آج کا دن تاریخ میں15 نومبر1972 پاکستان نے مشرقی جرمنی کوتسلیم کر لیا،آج کا دن تاریخ میں 15 نومبر 1962 مغربی پاکستان ہائی کورٹ کے سابق چیف جسٹس ملک رستم کیانی کا انتقال۔

بقیہ 13

سیکنڈ ہینڈ کپڑوں کی قیمتیں بھی آسمانوں سے باتیں کرنے لگی لنڈا بازار میں سیکنڈ ہینڈ کپڑے بھی غریب عوام کی پہنچ سے دور ملک مہنگائی کی شدید لہر نے سیکنڈ ہینڈ کپڑے غریب عوام کی پہنچ سے دور کردیے۔

بقیہ 14

ہوئے جن میں افکار، پریشاں، دی ہول ٹرتھ اور ناٹ دی ہول ٹرتھ کے نام قابل ذکر ہیں وہ15 نومبر1962 کو وفات پاگئے تھے۔

بقیہ 15

منع کیا تھا،اب اس بات پر یا تو آئی جی پنجاب جھوٹ بول رہے ہے یا سچ بول رہے ہیں۔اگر آئی جی پنجاب جھوٹ بول رہے ہیں تو انہیں سرکاری نوکری سے ہی برخاست کردینا چاہیے،اگر بالفرض وہ سچ بول رہے ہیں تو آئی جی پنجاب کیسے سیاسی دباؤ لے سکتے ہیں؟ آئی جی پنجاب کو تو آئین اور قانون کے مطابق کام کرنا چاہیے،اگر آئی جی پنجاب یہ کہہ رہا ہے کہ سیاسی دباؤ بھی ہے اور قانون یہ کہتا ہے تو پھر بھی انہیں اپنے عہدے سے استعفیٰ دینا چاہیے۔اگر کوئی شخص اپنی خواہش پر ایف آئی آر درج کرار ہا ہے تو آخر میں فیصلہ تو قانون کے مطابق ہی ہوگا۔زبیر نیازی نے ایک اور سوال پر کہا کہ ڈی پی او گجرات کو شامل تفتیش کرانے کی کوشش کریں گے، لانگ مارچ کے دوران وزیر آباد میں پولیس نظر نہیں آئی، انہوں نے انکشاف کیا کہ حملہ آور کو بھی جائے وقوعہ پر قتل کئے جانے کا پلان تھا۔ریسکیو اہلکار کو سامنے لاکر گھٹیا حرکت کی گئی اور واقعہ سے متعلق ابہام پیدا کرنے کی کوشش کی گئی کہ شاید کتنی گولیاں لگیں۔رہنما تحریک انصاف نے کہا کہ جب تک الیکشن کی تاریخ نہیں لے لیتے لانگ مارچ چلتا رہے گا۔عمران خان روبصحت ہو رہے ہیں،سیاسی رہنماؤں کوکسی نہ کسی سطح پر سکیورٹی پر سمجھوتا کرنا پڑتا ہے۔وہ ہر وقت بندوقوں اور سکیورٹی حصار میں نہیں رہ سکتے،انکا کہنا تھا کہ میرے جیسے بے شمار لوگ اب بھی عمران خان کے ساتھ ڈٹ کر کھڑے ہیں۔

بقیہ 16

اس دن کی مناسبت سے مختلف این جی اوز اور محکمہ صحت کے زیراہتمام اسلام آباد سمیت ملک بھر میں تقریبات آگاہی واکس اور سیمینارز انعقاد پذیر ہوں گے الیکٹرانک میڈیا پروگرامز نشر اور پرنٹ میڈیا فیچر شائع کریں گے۔

بقیہ 17

میں انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی بات مان لیتی، پی ڈی ایم حکومت نہ بنتی تو الیکشن کا وقت طے ہو جاتا، موجودہ حالات جیسے ماحول میں ہی جمہوریت کوخطرہ ہوتا ہے، ملکی معاملات درست کرنے کیلئے تمام فریقین کو دو دو قدم پیچھے ہٹنا ہوگا، اس حوالے سے جہاں سے ماضی میں سیاسی بریک تھرو ہوتا رہا،اب بھی وہیں سے ہوگا،جس کے نتیجے میں الیکشن اگلے سال کے وسط میں ہو سکتے ہیں۔ایک سوال کے جواب میں سابق وفاقی وزیر نے کہا کہ آرمی چیف کے تقرر پر سیاستدانوں کو الجھنا نہیں چاہیے، اس معاملے پر ماضی میں کبھی سیاستدان آمنے سامنے نہیں آئے، فوج منظم ادارہ ہے اور فیصلے اتفاق رائے سے ہوتے ہیں، وزیراعظم کا بار بار لندن جانا اور احکامات لانا اچھا تاثر نہیں،اس لیے نواز شریف واپس آئیں اور بیٹی کو بھی واپس لائیں، نواز شریف فیصلے پاکستان آکر کریں۔دوسری طرف پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان نے کہا ہے کہ لندن میں بیٹھے مفرور نے خود کو بچانے کیلئے ملک کو دلدل میں دھکیل دیا ہے، وہ الیکشن نہیں کروار ہا کیوں کہ اس کو پتا ہے کہ وہ ہار جائے گا، لیکن ملک کو تمام مسائل سے نکلنے کا حل صاف شفاف الیکشن کا ہے۔انہوں نے ویڈیو لنک پر لانگ مارچ کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سات مہینے سے کہہ رہا ہوں کہ رجیم چینج سازش کے ذریعے حکومت گرائی گئی، یہ دو خاندان 30 سال سے ملک کے اوپر بیٹھے ہوئے ہیں، ان کے دور میں بنگلا دیش اور ہندوستان آگے نکل گئے انہوں نے کچھ کرنا ہوتا تو پہلے کرلیتے، یہ 2018 میں معیشت کا دیوالیہ نکال کر گئے تھے، جو اداروں کو تباہ کرتے ہیں وہ ٹھیک نہیں کرتے، ہم نے 17 سال بعد معاشی ترقی بہترین تھی، دولت میں اضافہ ہورہا تھا،سب سے بڑی بات انڈسٹری، مینوفیکچرنگ جس سے روزگار اور دولت میں اضافہ ہوتا ہے وہ26 فیصد رفتار سے بڑھ رہی تھی آج صفر ہوگئی،ہم نے ہنڈلرز کو بھی کہا آپ کا تجربہ غلط ہوگیا ہے، ملک کو دلدل سے نکالنے کا حل صاف شفاف الیکشن ہیں۔

بقیہ 18

شگاف نعرے لگائے گئے ریلی میں پاک فوج سیھر پوراظہار یکجہتی کا مظاہرہ کیا گیا پاکستان کا بچہ بچہ اپنی فوج کیساتھ ہے۔پاک فوج کی عظیم قربانیوں کوکسی صورت بھی فراموش نہیں کیا جاسکتا ہے۔ مقررین نے اپنے خطاب میں پاک فوج کیشہدا کو سرخ سلام اور خراج عقیدت پیش کیا پاک فوج ہماری سرحدوں کی حفاظت بھر پورطریقے سے کررہی ہے۔ہمیں فخر ہے کہ پاک فوج کے ہوتے ہوئے پاکستان کوکوئی میلی آنکھ سے نہیں دیکھ سکتا ملک کے تمام حصوں سے عوام نے فوج کے خلاف ہونے والا پروپیگنڈہ مسترد کیا۔ کسی سے بھی ڈھکی چھپی نہیں کہ پاک فوج نے ملک کے لئے ان گنت قربانیاں دی ہے۔ ہم پاک فوج کے ساتھ آخری دم تک کھڑے ہے اور کھڑے رہے گے۔ ریلی مختلف راستوں سے ہوتی ہوئی پریس کلب میں جاکر اختتام پذیر ہوگی۔

بقیہ 19

مل کران کا ذائقہ اورافادیت بڑھا دیتا ہے۔گاجر کے جوس کے فوائد سے پہلے یہ جان لیجئے کہ اس میں کونسے اہم غذائی اجزا پائے جاتے ہیں۔ایک کپ گاجر کے رس میں 94 کلوکیلوریز غذائیت ہوتی ہے، جس میں سے 2.24 گرام پروٹین، 0.35 گرام چکنائی، 21.90 گرام کاربوہائیڈریٹس، 1.90 گرام فائبر، 689 ملی گرام پوٹاشیم، 20 ملی گرام وٹامن سی، 0.217 ملی گرام تھایامین، 0.512 ملی گرام وٹامن بی 6، 2,256 مائیکروگرام وٹامن اے، 36.6 مائیکروگرام وٹامن کے کے علاوہ دیگر اجزا پائے جاتے ہیں۔گاجر کا رس غذائیت سے بھرپور تو ہوتا ہے لیکن یہ کئی خوفناک امراض کو روکنے میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔معدے کا کینسر۔گاجر اینٹی آکسیڈنٹس سے بھرپور ہوتا ہے جن کی سرطان روکنے کی صلاحیت سے سب واقف ہیں، ایک مطالعے سے معلوم ہوا ہے کہ گاجر کا رس معدے کے کینسر کو دور رکھنے میں مددگار ہوتا ہے اگر مسلسل گاجریں کھائی جائیں تو معدے کے سرطان کے امکانات 26 فیصد تک کم ہو جاتے ہیں۔لیوکیمیا کا تدارک۔۔ایک مطالعے سے انکشاف ہوا ہے کہ گاجر کا رس لیوکیما کے خلیات (سیلز) کو ختم کرنے میں موثر کردار ادا کرتا ہے۔ بسا اوقات گاجر کا رس لیوکیما کے خلیات کو از خود تباہ کردیتا ہے اور ان کے پھیلاؤ کو روکتا ہے البتہ اس ضمن میں مزید تحقیق کی ضرورت ہے۔ چھاتی کے سرطان سے بچائے۔۔گاجروں میں کیروٹینوئیڈز کی بڑی مقدار پائی جاتی ہے جو چھاتی کے کینسر کو دوبارہ حملہ کرنے سے روکتی ہے۔اس کے علاوہ سائنس دان پہلے ہی بتا چکے ہیں کہ خون میں کیروٹینوئیڈز کی مقدار جتنی زیادہ ہوگی، بریسٹ کینسر کے لوٹنے کا خطرہ اتنا ہی کم ہو جاتا ہے۔اس کے لیے ایک چھوٹا سا مطالعہ کیا گیا کہ خواتین کو تین ہفتوں تک روزانہ 8 اونس گاجر کا رس پلایا گیا۔اس کے بعد جب ان خواتین کے خون کا مطالعہ کیا گیا تو معلوم ہوا کہ ان کے خون میں کیروٹینوئیڈز کی مقدار زیادہ تھی جب کہ آکسیڈیٹو اسٹریس کی علامات کم تھیں جو کینسر کی وجہ بن سکتی۔

بقیہ 20

کے بعد ٹراما سنٹر پھولنگر منتقل کردیا جبکہ جاں بحق ہونے والے دو افراد جس میں اسسٹنٹ کمشنر پتوکی اور55 سالہ اصغر شامل ہیں۔اسسٹنٹ کمشنر پتوکی جوہر آباد خوشاب کے رہائشی ہیں اور چند ماہ قبل پتوکی تعینات ہوئے تھے اس سے پہلے یہ قصور کی تحصیل کوٹ رادھاکشن بھی تعینات رہ چکے تھے۔ ذرائع کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر اکیلے ہی سرکاری گاڑی پر واپس پتوکی آرہے تھے اور ابتدائی اطلاعات کے مطابق حادثہ نیند آنے کے باعث پیش آیا۔

بقیہ 21

علاوہ ازیں انہوں نے ویڈیو لنک پر کھاریاں میں لانگ مارچ کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ترسیلات زر ہمارے دور میں ریکارڈ تھیں، جب ملکی دولت نیچے جانا شروع ہوجائے تو پھر قرضے کیسے ادا کریں گے، اس حکومت نے تین مہینے میں ہم سے زیادہ قرضہ لیا،ہم نے جو قرضہ 9 مہینے میں لیا انہوں نے تین مہینے میں لے لیا، میں چیلنج کرتا ہوں کوئی ایک پاکستانی بتادیں تو یہ سمجھتا کہ صاف شفاف الیکشن کے بغیر ہم ملک کو اس دلدل سے نکال سکتے ہیں، مسئلہ کہاں پھنسا ہوا ہے، مسئلہ لندن میں پھنسا ہوا ہے، سپریم کورٹ سے سزایافتہ مفرور لندن میں بیٹھ کر فیصلہ کررہا ہے کہ الیکشن نہیں کروانے، وہ سارے ملک کو اپنے آپ کو بچانے کیلئے موجودہ دلدل میں دھکیل دیا ہے۔سابق وزیراعظم نے کہا کہ اسحاق ڈار نے حدیبیہ پیپر ل کیس میں مجسٹریٹ کے سامنے بیان دیا کہ میں شریف فیملی کا پیسا منی لانڈرنگ کے ذریعے باہر بھیجتا تھا، پانامہ پیپرز میں انکشاف ہوا کہ لندن فلیٹ مریم نواز کے نام پر لیے گئے ہیں، وہاں سارے مفرور رہتے ہوئے، شہباز شریف اب خود پھنسا ہوا ہے، ڈیلی میل نے لکھا کہ شہباز شریف نے کرپشن کی ہے، اس نے ہمیں دکھانے کیلئے ڈیلی میل پر ہرجانہ کردیا، اب عدالت میں کیس لگ گیا ہے، پہلے دو بار گیا انہیں اب وہاں کے جج نے بلا لیا ہے، یہ وہ لوگ ہیں جو ملک کے مستقبل کا فیصلہ کررہے ہیں کہ آرمی چیف کون بنے گا، انہوں نے پوری زندگی میں ایک میرٹ پر فیصلہ نہیں کیا، بڑے بڑے عہدوں پر بھی یہ میرٹ پر لوگوں کو نہیں بٹھاتے، ان کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ چوری کا پیسا بچے گا کیسے؟ یہ لوگ آرمی چیف کی تعیناتی کا فیصلہ کررہے ہیں۔

بقیہ 22

مختلف صحافتی اور فلاحی تنظیموں کے زیراہتمام آگاہی سیمینارز انعقاد پذیر ہونگے جس میں صحافیوں کی فلاح وبہبود اور انکے حقوق کے متعلق عوام میں شعور اجاگر کیا جائے گا اس روز الیکٹرانک میڈیا پروگرامز نشر اور پرنٹ میڈیا فیچر شائع کریں گے۔

بقیہ 23

کہ تیز دھار دھاتی ڈور گردن پر پھرنے سے بچاتے ہوئے ہاتھ زخمی ہو گیا، جنرل کونسلر محمد سجاد کا میڈیا نمائندگان سے گفتگو کے دوران کہنا تھا کہ پولیس آئے روز پتنگ بازوں کیخلاف درجنوں مقدمات درج کرواتی ہے لیکن اسکے باوجود جمعہ اور اتوار کے روز پتنگ بازی کا سلسلہ شہر بھر میں عروج پر رہتا ہے شہر میں کئی بار جانی نقصانات کے باوجود پتنگ بازوں کیخلاف موثر کارروائیاں نہ ہونے سے ایسے واقعات رونما ہو رہے ہیں۔پتنگوں کی ڈوریں بجلی کی تاروں سے اُلجھنے سے آئے روز بجلی کی تاروں میں زوردار دھماکے معمول بن گئے ہیں جن کی وجہ سے قیمتی گھریلو اشیاء جل جاتی ہیں۔لیکن اس کے باوجود انتظامیہ کی جانب سے پتنگ بازوں کے خلاف کوئی بھی کریک ڈاؤن نہیں کیا جارہا۔انہوں نے آئی جی پنجاب سمیت انتظامیہ کے دیگر ارباب اختیار سے مطالبہ کیا ہے کہ پتنگ بازوں کے خلاف فوری کارروائی عمل میں لائی جائے۔موقف کے لیے ایس ایچ او کاہنہ عاصم حمید کو کال کی مگر انہوں نے کال ریسیو نہیں کی۔

بقیہ 24

فوری صاف شفاف تحقیقات کے لیے جوڈیشل انکوائری کمیشن تشکیل دیا جائے، اگر فوری طور پر ایکشن نہ لیا گیا تو اعلیٰ عدالتوں سے رجوع کیا جائے گا۔دوسری طرف چیئرمین تحریک انصاف عمران خان پر قاتلانہ حملے اور ارشد شریف قتل کیس سے متعلق جوڈیشل کمیشن بنانے کیلئے لکھے گئے خطوط کے معاملے پر چیف جسٹس پاکستان کی کمیشن تشکیل دینے کیلئے ساتھی ججز سے مشاورت حتمی مراحل میں پہنچ گئی۔اے آر وائے نیوز نے ذرائع کا حوالہ دیتے ہوئے رپورٹ کیا کہ اسلام آباد میں موجود تمام ججز سے مشاورت مکمل کرلی گئی ہے، جسٹس قاضی فائز عیسی اور جسٹس عائشہ ملک سے پیر کو مشاورت ہوگی، جسٹس قاضی فائز عیسی اسلام آباد سے باہر ہیں جب کہ جسٹس عائشہ پاکستان سے باہر ہیں، دونوں ججز اتوار کو واپس آکر پیر سے مقدمات کی سماعت شروع کریں گے۔ذرائع کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ سپریم کورٹ میں تعینات ہونے والے نئے ججز سے بھی پیر کو مشاورت کا امکان ہے، مشاورت مکمل ہونے پر چیف جسٹس پاکستان جسٹس عمر عطاء بندیال وزیراعظم کے خطوط کا جواب دیں گے، وزیراعظم کو خطوط کا جواب دو سے تین روز میں دیا جائے گا۔

بقیہ 25

ہے،اس کے باعث رانا ثناء اللہ اب بغیر کسی پریشانی کے عام زندگی گزارنے قابل ہوں گے اور وہ اپنے معمول کے امور بنا کسی طبی پریشانی کے سرانجام دے سکیں گے۔واضح رہے کہ وفاقی وزیرداخلہ رانا ثناء اللہ کو چند روز قبل طبیعت ناساز ہونے پر ہسپتال منتقل کیا گیا تھا، رانا ثناء اللہ کو دل کی تکلیف کے باعث اے ایف آئی سی راولپنڈی لے جایا گیا کیوں کہ جمعہ کے روز وفاقی وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ کی طبیعت ناساز ہوگئی جس کے بعد انہیں ہسپتال لے جانا پڑا، طبیعت خراب ہونے پر انہیں اے ایف آئی سی راولپنڈی لے جایا گیا، اے ایف آئی سی میں 8 گھنٹے تک وفاقی وزیرداخلہ کا طبی معائنہ کیا گیا۔بعد ازاں اس حوالے سے وزیرداخلہ کی جانب سے بھی بیان جاری کیا گیا، جس میں رانا ثناء اللہ کی طرف سے بتایا گیا کہ کافی عرصہ پہلے میری 2004 میں دل کی سرجری ہوئی تھی، دو تین سال بعد چیک اپ ضروری ہوتا ہے، دوست اور چاہنے والے آپریشن تھیٹر میں میری تصویر دیکھ کر پریشان ہوئے، میں بالکل خیریت سے ہوں معمول کے چیک اپ کے لیے ہسپتال آیا تھا، روبہ صحت ہوں انشا اللہ ایک آدھ دن میں آپ کے درمیان ہوں گا، ہسپتال میں رش کرنے کی ضرورت نہیں ہے اتوار تک گھر آجاؤں گا۔

بقیہ 26

کی،اس دوران انہوں نے استفسار کیا کہ موٹروے وفاقی حکومت کے ماتحت آتی ہے حکومت موٹروے کیوں نہیں کھلواتی؟ پارلیمنٹ کے سامنے بھی احتجاج ہوتا ہے پھر آپ وہ کیوں بند کرتے ہیں؟ پورے اسلام آباد میں کنٹینر ایسے پڑے ہیں جیسے کوئی اور حالات ہوں، اچھی سے اینٹی رائیڈ فورس کیوں نہیں بناتے؟ کنٹینر کیوں لگاتے ہیں؟۔اس کے جواب میں ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے عدالت کو بتایا کہ امن وامان صوبائی حکومت کا معاملہ ہے اس لیے بند ہوتا ہے۔جس پر عدالت نے آئندہ سماعت پر آئی جی اسلام آباد کو طلب کرتے ہوئے حکم دیا کہ آئی جی دھرنے اور رستوں کی بندش سے متعلق رپورٹ پیش کریں اور اس کے ساتھ ہی اسلام آباد ہائیکورٹ نے کیس کی سماعت 17 نومبر تک ملتوی کردی۔بتایا گیا ہے کہ دھرنے کی وجہ سے سڑکوں کی بندش کے خلاف تاجروں نے درخواست دائر کی تھی، تاجروں کی درخواست میں عدالت سے استدعا کی گئی کہ حکومت کو سڑکیں خصوصاً موٹروے پر ٹریفک روانی برقرار رکھنے کی ہدایت کی جائے اور پی ٹی آئی کو پابند کیا جائے کہ دھرنے اور جلسے کا انعقاد اسلام آباد سے باہر کریں۔درخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ اپریل میں حکومت کی تبدیلی کے بعد سے اب تک احتجاج کیے جارہے ہیں، آزادی مارچ دھرنے کا اعلان اور قائدین کی ہدایت پر سڑکیں بند کردی گئیں، جس سے شہریوں اور تاجروں کو مشکلات کا سامنا ہے اور بنیادی حقوق متاثر ہورہے ہیں۔

بقیہ 27

مطابق دریائے سندھ میں تربیلا کے مقام پر پانی کی آمد26 ہزار400 کیوسک اوراخراج38 ہزار کیوسک، دریائے کابل میں نوشہرہ کے مقام پر پانی کی آمد 11 ہزار 700 کیوسک اور اخراج 11 ہزار 700 کیوسک، خیرآباد پل پر پانی کی آمد 18 ہزار 300 کیوسک، اخراج 18 ہزار 300 کیوسک،دریائے جہلم میں منگلا کے مقام پر پانی کی آمد12 ہزار800 کیوسک اور اخراج 27 ہزار کیوسک، دریائے چناب میں مرالہ کے مقام پر پانی کی آمد 10 ہزار 200 کیوسک اور اخراج3 ہزار200 کیوسک ہے۔تربیلا ڈیم کا کم ازکم آپریٹنگ لیول1398 فٹ،ڈیم میں پانی کی موجودہ سطح1520.82 فٹ، ڈیم میں پانی ذخیرہ کرنے کی انتہائی سطح1550 فٹ اورقابل استعمال پانی کا ذخیرہ 4.226 ملین ایکڑ فٹ ہے۔منگلا ڈیم کا کم ازکم آپریٹنگ لیول1050 فٹ،ڈیم میں پانی کی موجودہ سطح 1147.10 فٹ، ڈیم میں پانی ذخیرہ کرنے کی انتہائی سطح1242 فٹ اورقابل استعمال پانی کا ذخیرہ1.665 ملین ایکڑفٹ ہے۔چشمہ بیراج کا کم ازکم آپریٹنگ لیول 638.15 فٹ،بیراج میں پانی کی موجودہ سطح643.50 فٹ، بیراج میں پانی ذخیرہ کرنے کی انتہائی سطح 649 فٹ اور قابل استعمال پانی کا ذخیرہ 0.089 ملین ایکڑفٹ ہے۔

بقیہ 28

کی خدمات کو اجاگر کریں گے الیکٹرانک میڈیا پروگرامز نشر اور پرنٹ میڈیا فیچر شائع کرینگے

بقیہ 29

انہوں نے کہا کہ وزیرداخلہ رانا ثناء اللہ نے ملک میں آگ لگانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی پوری قوم کا ایک ہی مطالبہ ہے عمران خان پر حملہ کرنے اور ان کے سہولت کاروں کو بے نقاب اور حملے کی فوری ایف آئی آر درج کی جائے ،عمران خان پر حملے میں ملوث ملزم تو محض ایک مہرہ ہے، ماسٹر مائنڈ کو بے نقاب اور گرفتار کیا جانا ضروری ہے۔

بقیہ 30

کے بانی ہیں، جھوٹ اور بدتمیزی کی سیاست کو فروغ دینے والے عمران خان کی سیاست آخری ہچکولے کھارہی ہے۔انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم اس وقت ملک کو مسائل کے بھنور سے نکال کر ترقی اور خوشحالی کی طرف لارہی ہے مگر عمران خان کو ملک سے زیادہ اقتدار کی فکر ہے یہ خواہش اسکی پوری نہیں ہوگی۔ ،عمران خان جمہوریت دشمن ہیں انکا طرز عمل غیر جمہوری اور ملک میں انارکی کی سازش پر مبنی ہے عمران خان جمہوری بساط لپیٹنا چاہتے ہیں مگر انکی کسی سازش کو کامیاب ہونے نہیں دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ملکی سلامتی کو خطرے میں ڈالنے اور پاکستان کے وقار کو داؤ پر لگانے والوں سے کوئی رعایت برتی نہیں جائے گی اس سازش میں جو عناصر ملوث ہیں ان کا کڑا احتساب ہوگا۔ وزیراعظم ہاؤس سے حساس گفتگو کا ریکارڈ ہونا اور منظر عام پر آنا قومی المیہ ہونے کے ساتھ اس بات کا ثبوت بھی ہے کہ سیاسی فائدہ اٹھانے کی خاطر پی ٹی آئی کس حد تک جاسکتی ہے۔

بقیہ 31

کلرک انور رضا، باؤ محمد شفیق، چوہدری مختار احمد تاج ،عمران یوسف بھٹی ایڈووکیٹ ہائی کورٹ ،مشتاق بھٹی ،سردار محمد اکبر علی ڈوگر، سردار محمد آصف علی ڈوگر، سردار محمد ظہیر ڈوگر، اسسٹنٹ کمشنر ساہیوال اسامہ شاہرون نیازی ،اسسٹنٹ کمشنر چونیاں خرم حمید ،اسسٹنٹ کمشنر قصور ،کوٹرادھاکشن ،ڈپٹی کمشنر جھنگ ارشد بھٹی ،ڈی ایس پی سرکل پتوکی آصف حنیف جوئیہ ،پی ٹی آئی کے ایم این اے سردار محمد طالب حسن نکئی ،سردار ایاز نکئی ،سردار محمد عابد محمود نکئی ، چیئرمین چوہدری منشا سندھو، مسلم لیگ ن کے رہنما رانا سکندر حیات خان ، مسلم لیگ ق کے رہنما رانا ممتاز علی خاں ،پیپلز پارٹی کے رہنما ملک مقصود کھوکھر ، پی ٹی آئی رہنما چوہدری عقیل اسلم ،سمیت دیگر نے افسوس کا اظہار کیا اور مرحوم کے درجات بلندی کیلئے دعا کی۔

بقیہ 32

لرنر پرمٹ، ڈوپلیکیٹ و رینول اور انٹرنیشنل لائسنس کے حصول کیلئے تشریف لا سکتے ہیں،طلبہ وطالبات اور نوکری پیشہ افراد کی سہولت کے پیش نظر فیصلہ کیا گیا۔انہوں نے کہا کہ سمارٹ لائسنسنگ سینٹر مناواں 24/7 ہمہ وقت شہریوں کو سہولیات فراہم کررہا ہے، شہر بھر میں 06 ڈرائیونگ ٹیسٹنگ سینٹرز جبکہ 23 لرنر بوتھ قائم ہیں، خواتین کیلئے لبرٹی مارکیٹ پارکنگ ایریا میں الگ سے سینٹر قائم کیا گیا،شہریوں کو ان کے گھروں کی دہلیز پر سروسز فراہم کی جارہی ہیں۔

بقیہ 33

کیا جاتا ہے، واقعہ ہفتہ کی درمیانی شب رینگ کے دوران پیش آیا۔ جہاں موٹرسائیکل کی ظاہری حالت اور الٹریشن پر روکنے کی کوشش کی گئی تاہم نہ رکنے پر ڈولفن اہلکاروں نے پیچھا کرتے ہوئے نہ رکنے پر نوجوان کی ٹانگ پر گولی ماردی۔زخمی شہری حسن مقامی ہسپتال میں زیر علاج ہے۔زخمی نوجوان والد الطاف کی مدعیت میں ڈولفن اہلکار کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا۔ترجمان کے مطابق متعلقہ ڈولفن ٹیم کو معطل کر کے کلوز ہیڈکوارٹرز کردیا گیا ہے۔ایس پی ڈولفن توقیر نعیم نے کہا کہ فائرنگ کی نوبت کس وجہ سے پیش آئی، انکوائری کی جارہی ہے ۔ڈی آئی جی آپریشنز افضال احمد کوثر نے معاملے کی خود انکوائری کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ سی سی ٹی وی فوٹیج و دیگر ٹیکنالوجی کی مدد سے حقائق کی جانچ پڑتال کی جائے گی، انکوائری رپورٹ کی روشنی میں مزید قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔سی سی پی او غلام محمود ڈوگر نے بھی واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے واقعے کی مکمل انکوائری کرکے رپورٹ پیش کرنے کا حکم دیا اور ایس پی ڈولفن اسکواڈ سے رپورٹ طلب کرلی ۔سی سی پی او کے مطابق اختیارات سے تجاوز اور ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کسی صورت برداشت نہیں، ڈولفن اہلکار کی غفلت اور قصوروار ثابت ہونے پر سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔

بقیہ 34

رشہر سے معصوم پرندوں کی خرید و فروخت اور اسمگلنگ کرنیوالوں سمیت صوبہ کے دیگر مقامات سے چھ شکاری گرفتار، اکاسی ہزار روپے جرمانہ عائد۔تفصیل کے مطابق اسسٹنٹ ڈائریکٹر وائلڈ لائف ضلع لاہور بابر عمران نے اپنی ٹیم وائلڈ لائف انسپکٹر عثمان کے ہمراہ لاہور ائیرپورٹ سے کبوتر اسمگل کرنیوالا ایک شخص گرفتار کرکے اسے مبلغ بیس ہزار روپے محکمانہ معاوضہ کی مد میں جرمانہ کیا جبکہ دیگر دومختلف کارروائیوں میں معصوم جنگلی پرندگان شارک اور گھریلو چڑیاں فروخت کرنیوالے دو افراد کو گرفتار کرکے انہیں مبلغ چھ ہزار روپے جرمانہ کیا اور تحویل میں لئے گئے تمام پرندے قدرتی ماحول میں آزاد کردیئے۔اسی طرح اسسٹنٹ ڈائریکٹر وائلڈ لائف ضلع چکوال مرزا عابد حسین نے وائلڈ لائف سٹاف کے ہمراہ تیتر کے ناجائز شکار میں ملوث تین افراد کو رنگے ہاتھوں گرفتار کرکے انہیں مجموعی طور پر مبلغ پچپن ہزار روپے محکمانہ معاوضہ کی مد میں جرمانہ کرکے کیس نمٹادیا۔

بقیہ 35

ر 300 کیوسک،جہلم منگلا کے مقام پر آمد 12 ہزار 800 کیوسک اور اخراج 27 ہزار کیوسک، چناب میں مرالہ کے مقام پر آمد 10 ہزار 200 کیوسک اور اخراج 3 ہزار 200 کیوسک رہا۔ جناح بیراج آمد 45 ہزار 800 کیوسک اور اخراج 39 ہزار800 کیوسک، چشمہ 43 ہزار400 کیوسک اوراخراج 15 ہزار کیوسک، تونسہ آمد 48 ہزار 200 کیوسک اور اخراج 37 ہزار 300 کیوسک، گدو آمد38 ہزار کیوسک اور اخراج 30 ہزار600 کیوسک، سکھر آمد32 ہزار700 کیوسک اور اخراج 9 ہزار 300 کیوسک ، کوٹری آمد 26 ہزار 700 کیوسک اور اخراج 10 ہزار 300 کیوسک، تریموں آمد 15 ہزار 800 کیوسک اور اخراج3 ہزار300 کیوسک، پنجند آمد 9 ہزار 500 کیوسک اور اخراج 2 ہزار700 کیوسک ریکارڈ کیا گیا۔تربیلا کا کم از کم آپریٹنگ لیول 1398 فٹ،پانی کی موجودہ سطح 1520.82 فٹ،پانی ذخیرہ کرنے کی انتہائی سطح 1550 فٹ اور قابل استعمال پانی کا ذخیرہ 4.226 ملین ایکڑ فٹ، منگلا کا کم از کم آپریٹنگ لیول 1050 فٹ،پانی کی موجودہ سطح 1147.10 فٹ، پانی ذخیرہ کرنے کی انتہائی سطح 1242 فٹ اور قابل استعمال پانی کا ذخیرہ 1.665 ملین ایکڑ فٹ، چشمہ کا کم از کم آپریٹنگ لیول638.15 فٹ، پانی کی موجودہ سطح 643.50 فٹ، پانی ذخیرہ کرنے کی انتہائی سطح 649 فٹ اور قابل استعمال پانی کا ذخیرہ 0.089 ملین ایکڑ فٹ رہا۔تربیلا اور چشمہ کے مقامات پر دریائے سندھ، نوشہرہ کے مقام پر دریائے کابل اور منگلا کے مقام پر دریائے جہلم میں پانی کی آمد اور اخراج 24 گھنٹے کے اوسط بہاؤ کی صورت میں ہے۔

بقیہ 36

کے بعد ورثا کے سپرد کردیں اور تاحال جائے وقوعہ سے ملنے والے شواہد کی روشنی میں مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ 37

رڈنز میں سے 140 وارڈنز ایم فل ڈگری جبکہ 02 وارڈنز ڈاکٹریٹ ڈگری ہولڈرز ہیں،80 فیصد وارڈنز نے مختلف مضامین میں ماسٹرز کیے ہوا ہیں۔ڈاکٹر اسد ملہی نے کہا کہ سٹی ٹریفک پولیس کو تعلیمی قابلیت میں سب فورسز پر سبقت ہے،ٹریفک وارڈنز نے فرانزک سائنس، مالیکیولر بیالوجی، انگلش لٹریچر کی ڈگری رکھتے ہیں،ٹریفک وارڈنز نے قانون، اکنامکس، میتھمیٹکس، کریمنالوجی، انٹرنیشنل ریلیشنز میں ایم فل کئے ہوا ہیں،ایم فل کی ڈگری رکھنے والے وارڈنز کو ہرماہ پانچ ہزار روپے الاونس دیا جارہا ہے، پی ایچ ڈی کی ڈگری رکھنے والے دس ہزار روپے الاونس دیا جارہا ہے،ٹریفک وارڈنز کی ویلفیئر کو ہر ممکن یقینی بنایا جارہا ہے۔

بقیہ 38

سے بلندی روڈ براستہ کوٹلی رائے ابوبکر روڈ کی تعمیرو مرمت، کشادگی و بحالی کیلئے 1 ارب 68 کروڑ 65 لاکھ 94 ہزار روپے اور ضلع قصور میں قصور کوٹ رادھاکشن روڈ تھیہ روسہ سے کوٹلی رائے ابوبکر روڈ کی کشادگی، تعمیرو بہتری کیلئے 43 کروڑ 38 لاکھ 26 ہزار روپے شامل ہیں۔اجلاس میں صوبائی سیکرٹری پی اینڈ ڈی بورڈ ڈاکٹر محمد انور سہیل چوہدری سمیت صوبائی محکمہ جات کے اعلیٰ افسران اور پنجاب پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ کے ممبران نے شرکت کی۔

بقیہ 39

پاکستانیز کے مسائل کو حل کرنے کے لیے بہترین اقدامات کررہی ہے۔ جس کی وجہ سے ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں اوورسیز پاکستانیز کے مسائل اور کیسز میں بہت بہتری آئی ہے۔اس موقع پر کمشنر او پی سی سید خادم عباس نے اجلاس کے افسران کو او پی سی ایکٹ 2021ء کے بارے تفصیلی بریفنگ دی۔انہوں نے بتایا کہ پنجاب اوورسیز پاکستانیز کمیشن میں سمندر پار مقیم پاکستانیوں کو ون ونڈو کے تحت تمام تر سروسز فراہم کی جارہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سمندر پار مقیم پاکستانیوں کی طرف سے درج کی جانے والی شکایات کے حل کی شرح فیصد67% ہیں۔ اس موقع پر ڈی سی ٹوبہ ٹیک سنگھ چوہدری محمد ارشد بھدر نے اوورسیز پاکستانیوں کی شکایات کے حوالے سے وائس چیئرپرسن او پی سی کو تفصیلی آگاہی دی۔انہوں نے بتایا کہ ڈی سی ٹوبہ ٹیک سنگھ دفتر میں اوپن ڈور پالیسی کے تحت اوورسیز سہولت ڈیسک کا قیام بھی کیا گیا جس کہ ذریعے دیار غیر میں بسنے والے پاکستانیوں کو مکمل ریلیف فراہم کیا جارہا ہے۔ڈائریکٹر جنرل او پی سی عشرت اللہ خان نیازی، ڈائریکٹر پولیس میٹرز او پی سی امتیاز احمد خان، ڈپٹی ڈائریکٹر پروسیکیوشن سہیل ظفر، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو ٹوبہ ٹیک سنگھ ضمیر حسین، ڈسٹرکٹ اٹارنی بابر ملک، او پی سی کو آرڈینیٹر میاں افتخار عارف سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے۔ وائس چیئرپرسن او پی سی مخدوم سید طارق محمود الحسن نے کہا کہ اوورسیز پاکستانیز کی شکایات کے حل کے حوالے سے کوئی کسر نہیں چھوڑی جائے گی اُن کے مسائل کا حل کی میری اُولین ترجیح ہے۔

بقیہ 40

کی ہے وہ یہ نہیں بتائے گا کہ اس کے پاس دولت اور جائیدادیں کہاں سے آئی ہیں بلکہ الٹا احتساب کے ادارے کی ذمہ داری ہے کہ وہ ثابت کرے گا یہ کرپشن کا مال ہے۔انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی والے پرانے وارداتیے ہیں یہ کرپشن کرکے دولت یہاں نہیں رکھتے بلکہ لوٹی ہوئی دولت سے بیرون ممالک سرمایہ کاری کرتے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف کی مقبولیت دن بدن بڑھ رہی ہے اور ہواؤں کا رخ بتا رہا ہے کہ عمران خان آئندہ عام انتخابات میں دو تہائی اکثریت حاصل کریں گے، کرپشن کے خلاف سخت قانون سازی کی جائے گی، جو آج مٹھائیاں بانٹتے پھر رہے ہیں وہ احتساب کے شکنجے میں آنے پر روتے پھریں گے۔

بقیہ 41

سائیکل مختلف تھانوں میں بند کروائے،11975 افراد و گاڑیوں کے کوائف کی بذریعہ جدید ٹیکنالوجی تصدیق کی گئی، ناجائز اسلحہ اور منشیات کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے 31 مقدمات درج کروائے گئے اسی طرح اشتہاری مجرمان اور عدالتی مفروران کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے 07 ملزمان کو گرفتار کرکے متعلقہ تھانوں کے حوالے کیا گیا، ریسکیو 15 پر فوری مدد کے لئے کی گئی 271 سے زائد کالز پر شہریوں کو مدد فراہم کی گئی جبکہ محافظ اسکواڈ ٹیموں نے راہزنی و موٹرسائیکل چوری کے مقدمات میں مطلوب 4 گینگز کو گرفتار کرکے لاکھوں روپے کا مال مسروقہ برآمد کیا۔اس موقع پر ڈی پی او سرگودھا محمد طارق عزیز نے کہا کہ محافظ اسکواڈ پولیس کا چہرہ ہے آپ کا لوگوں کے ساتھ رویہ ہی ہماری پہچان بنتا ہے لہٰذا آپ کو مثبت رویہ اور خوش اخلاقی کا پیکر ہونا چاہیے۔امن و امان کو برقرار رکھنے کیلئے موثر گشت کو یقینی بنایا جائے۔اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے جوانوں کی حوصلہ افزائی جبکہ غفلت ولاپرواہی کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 42

ڈاکٹر احمد نواز نے بتایا کہ بارشوں و سیلاب کے بعد اندرون سندھ کے شہروں و دیہات میں بیماریاں بڑی تیزی سے پھیلی ہیں۔ ہمارے پاس زیادہ تر ملیریا۔ ڈینگی۔ جلدی امراض سمیت مختلف عام پھیلنے والے مرضوں میں مبتلا مریض آرہے ہیں۔ہم روزانہ چار سو سے پانچ سو تک مریضوں کو علاج کی سہولت فراہم کررہے ہیں۔جس میں مفت معائنہ ۔ادویات اور ٹسیٹوں کی سہولت دی جارہی ہے

بقیہ 43

دنیا میں تیار ہونے والے فٹ بالز کا تقریباً نصف پاکستان کے ضلع سیالکوٹ میں تیار ہوتا ہے۔سیالکوٹ میں ہر سال تقریباً 600 ملین فٹ بالز تیار کرتا ہے جو دنیا کی کل پیداوار کا نصف سے زیادہ ہے۔ رپورٹ کے مطابق سیالکوٹ دنیا کی 70 فیصد تک ساکر بال کی ضروریات کو بھی پورا کررہا ہے۔ 1982 کے اسپین ورلڈ کپ میں ڈیبیو کرتے ہوئے سیالکوٹ سے بنی فٹ بالز عالمی مقابلوں میں نومرتبہ استعمال ہوئیں اور قطر میں ہونے والے ورلڈ کپ کے عالمی مقابلے میں بھی پاکستان کے بنے فٹ بالز استعمال ہوں گے۔میڈیا رپورٹ کے مطابق پاکستان میں کھیلوں کے سامان کی تیاری میں اس طرح ٹیکنالوجی کا استعمال نہیں آسکا اس لئے چین اور پاکستان ٹیکنالوجی کے استعمال میں اشتراک کرسکتے ہیں اور اس پر غور وخوض جاری ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق چیلنج نامی ایک چینی فرم نے لاہور میں ٹیکسٹائل انڈسٹریل پارک کے قیام کے لیے 150 ملین امریکی ڈالر کی سرمایہ کاری کرنے کا منصوبہ بنایا ہے، جس میں فیبرک یونٹس، رنگنے کی سہولیات اور گارمنٹس مینوفیکچرنگ یونٹس ہوں گے تا کہ پاکستان سے امریکہ، یورپ اور دیگر خطوں کو کھیلوں کے لباس برآمد ہوسکیں۔ کمپنی کے مینیجنگ ڈائریکٹر نے پیشگوئی کی تھی کہ ایک بار جب انڈسٹریل پارک شروع ہو جائے گا تو پاکستان سے کمپنی کی کھیلوں کے لباس کی برآمدات پہلے سال میں 120 ملین امریکی ڈالر اور پھر اگلے چند سالوں میں 400 ملین امریکی ڈالر تک پہنچ جائیں گی۔

بقیہ 44

میں تین نامعلوم چوروں نے بنگلہ چوک میں عبدالرزاق ولد حاکم علی کے جنرل سٹور کے تالے توڑ کر لاکھوں روپے مالیتی سگریٹ وغیرہ چوری کرلئے چوری کرتے ہوئے سی سی ٹی وی فوٹیج حاصل کرلی گئی جس میں تین نامعلوم چور جنرل سٹور کا صفایا کرتے ہوئے دیکھائی دے رہے ہیں مقامی پولیس نے موقع پر پہنچ کر نامعلوم چوروں کیخلاف کاروائی شروع کردی

بقیہ 45

محمد سلیم، ملزم محمد رفیق اور عبدالرشید کو گرفتار کیا۔ ملزمان خود کو بینک کا نمائندہ ظاہر کرتے ہوئے عام شہریوں کو کال کرتے تھے، ملزمان شہریوں سے بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات حاصل کرتے ہوئے پیسے ٹرانسفر کرنے میں ملوث تھے،ملزمان اب تک سینکڑوں شہریوں سے فراڈ کرچکے تھے۔ایک اور کارروائی میں سائبر کرائم سرکل لاہور نے ملزم محمد رفیق کو سرگودھا سے گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزم مویشیوں کی فروخت کے لئے جعلی اشتہارات لگانے میں ملوث تھا،ملزم پیسے وصول کرنے کے بعد خریدار کا واٹس ایپ نمبر بلاک کردیتا تھا۔ملزم نے اب تک سینکڑوں لوگوں کو دھوکہ دہی کرتے ہوئے لاکھوں روپے کی رقم ہتھیائی، گرفتار ملزمان کے خلاف پیکا ایکٹ کے تحت مقدمات درج کرلیے گئے جبکہ مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 46

اسسٹنٹ کمشنر ننکانہ صاحب تعینات کردیا گیا۔

بقیہ 47

وہ لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں اجلاس سے خطاب کررہے تھے۔اس موقع پر لاہور چیمبر کے صدر کاشف انور، سینئر نائب صدر چوہدری ظفر محمود اور نائب صدر عدنان خالد بٹ نے بھی خطاب کیا۔ڈاکٹر شاہد منیر نے کہا کہ یونیورسٹیوں کو ملنے والی زیادہ تر گرانٹس تنخواہوں کی مد میں جاتی ہیں اور تحقیقی کام کے لیے خاطر خواہ فنڈز دستیاب نہیں ہیں۔انہوں نے اعتراف کیا کہ انڈسٹری اور اکیڈمی لنکیج کے درمیان روابط کا فقدان ہے جسے دور کرنے کی ضرورت ہے،اس سلسلے میں نصاب کی تیاری اہم کردار ادا کرسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسا نصاب ہونا چاہیے جو انڈسٹری کی ضروریات سے ہم آہنگ ہوں، صنعتکاروں کو یونیورسٹیز کے بورڈز میں نمائندگی دی جائے تا کہ وہ انڈسٹری اور اکیڈمیا کو نزدیک لانے کے لیے اپنا کردار ادا کرسکیں۔چیئرمین پنجاب ہائر ایجوکیشن کمیشن نے لاہور چیمبر کے صدر کاشف انور کو آل پنجاب یونیورسٹیز انوویشن ایکسپو2022 میں شرکت کی دعوت بھی دی۔لاہور چیمبر کے صدر کاشف انور نے کہا کہ پاکستان میں انڈسٹری اور اکیڈمیا کے درمیان روابط دیگر ممالک کے مقابلے میں بہت کمزور ہیں، یونیورسٹیاں اب بھی صرف بنیادی تحقیق پر توجہ مرکوز کررہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ معاشی ترقی کی راہ میں رکاوٹ بڑا مسئلہ تحقیق کا فقدان ہے۔لاہور چیمبر کے صدر نے کہا ہمیں یہ سمجھنا ہوگا کہ تحقیق انڈسٹری اور اکیڈمیا دونوں کے لیے ہی بہت اہم ہے۔انہوں نے کہا کہ یونیورسٹیز ایسے تحقیقی کام پر توجہ دیں جس سے صنعت کو بھی فائدہ پہنچے۔انہوں نے انڈسٹری اور اکیڈمیا کے درمیان اعتماد سازی کی ضرورت ہے، انڈسٹری کو ریسرچرز اور ریسرچرز کو انڈسٹری پر اعتماد ہونا چاہیے۔ لاہور چیمبر کے صدر نے کہا کہ لاہور چیمبر نے ایک متعلقہ کمیٹی قائم کی ہے۔ جس میں صنعت اور اکیڈمیا سے یکساں تعداد میں ممبران کو شامل کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اس کمیٹی کو وفاقی و پنجاب ہائر ایجوکیشن کمیشنز اور ایجنسیوں کو آن بورڈ لینے کی ذمہ داری سونپی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ یونیورسٹیز کو کم فنڈز ملنے کی وجہ سے زیادہ تحقیقی کام نہیں ہوسکتا، ضرورت اس امر کی ہے کہ پنجاب ہائر ایجوکیشن کمیشن یونیورسٹیوں کے لیے مزید فنڈز مختص کرے تا کہ تحقیقی کام کا دائرہ کار بھی بڑھایا جاسکے۔

بقیہ 48

سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب مہر محمد حیات لک نے سیکرٹری سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب کے ہمراہ دورہ سرگودھا پر سوشل ویلفیئر کے زیر انتظام اداروں دارالامان، ادارہ کاشانہ، ماڈل چلڈرن ہوم، پناہ گاہ، نگہبان اور دارالفلاح وغیرہ سمیت اداروں اور مختلف پراجیکٹ کی کارکردگی کا معائنہ کیا اس موقع پر سیکرٹری سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال نے دارالامان میں مقیم خواتین سے مسائل دریافت کئے اور صفائی ستھرائی کے معاملات اور کھانے کے معیار کو چیک کیا.

اور بچوں میں میں گفٹ تقسیم کئے۔اس موقع پر شاکرہ نورین نے ماڈل چلڈرن ہوم کی ADP سکیم کے بجٹ کی کمی کے مسائل سے آگاہ کیا تو مہر محمد حیات لک نے زیر تعمیر پناہ گاہ کے تعمیراتی کام کا جائزہ لیا اور میڈیکل سوشل سروسز ڈی ایچ کیو اور ٹی بی ہسپتال اور ڈائیلیسز سنٹر کا معائنہ کیا جہاں پیشنٹ ویلفیئر سوسائٹی کے ممبران سے ملاقات کی انہوں نے یوسی ڈی پراجیکٹ کی زیر سرپرستی چلنے والی سیف لائف آرگنائزیشن کا دورہ کیا اور تھیلیسیمیا کے مریض بچوں میں کھانا تقسیم کیا۔ آخر میں سیکرٹری سوشل ویلفیئر نے تمام اداروں کے ساتھ میٹنگ کی اور درپیش مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کروانے کا یقین دلایا۔

بقیہ 49

نے کہا کہ میں یوتھ کے عہدیداروں کا تہہ دل سے شکر گزار ہوں جنہوں نے آ کر میری عزت کی۔اس موقع پر سٹی صدر صادق آباد پی وائی او جام امیر دین نادر، راشد علی جتوئی اور دیگر بھی موجود تھے۔

بقیہ 50

خاتمے سے اسلامی نظام معیشت تشکیل پائے گا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان اسلام کے نام پر معرض وجود میں آیا اور ہم سب کا اجتماعی فرض ہے۔

کہ پاکستان میں اسلامی معاشی نظام کی ترویج اور لاگو کرنے کیلئے اپنی اپنی کوششیں کریں انہوں نے کہا کہ وزیر خزانہ کا اعلان قابل ستائش ہے کہ پاکستان کا بینکاری نظام سود سے پاک ہوگا اس سے پہلے سپریم کورٹ بھی سود کو ختم کرنے کا فیصلہ دے چکی ہے انہوں نے کہا کہ اسلامی نظام معیشت کو سراہتے ہیں اب ضرورت اس امر کی ہے کہ اسلامی نظام بینکاری کو عملی طور پر نافذ کرنے کا روڈ میپ دیا جائے، کسی قسم کی کوئی مخالفت نہ کی جائے اسلامی نظام معیشت کو نافذ اور مضبوط کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ اگر چند بینک مختلف حیلے بہانوں سے سودی نظام معیشت لانے پر بضد ہیں تو انہیں خیال رکھنا چاہیے کہ پاکستان مسلمانوں کا ملک ہے اور یہاں یہودی نظام بینکاری نے اب تک ہماری معیشت کو تباہ کیا ہے، غریب غریب سے غریب تر ہوا ہے جبکہ آئی ایم ایف اور ورلڈ بینک کے سودی نظام نے ہمارے مسائل میں اضافہ ہی کیا ہے انہوں نے کہا کہ سودی نظام کے خاتمہ کی صورت اللہ کی بے بہا نعمتوں و برکتوں پاکستان اور اہل پاکستان پر نزول ہوگا انہوں نے کہا کہ سود سے پاک معیشت پاکستان کی ترقی اور خوشحالی کی ضامن ہے اور یہ فیصلہ قوم کی خواہش کے عین مطابق ہے اور یہ ایک دیرینہ خواہش تھی جو پوری ہوئی ہے۔

بقیہ 51

توجہ اور غیر سنجیدگی سے ملکی معاشی استحکام کو شدید خطرات لاحق ہیں ۔ملکی معاشی مسائل مہنگائی ،غربت ، بے روزگاری سے پیدا ہونے والے معاشی ،معاشرتی نقصانات کے ازالہ کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں۔ لانگ مارچ ، احتجاجی تحریکیں کاروباری سرگرمیوں میں رکاوٹ ہے اور اس سے معاشی سرگرمیاں متاثر ہوتی ہیں۔ سرمایہ کاری کیلئے موافق حالات سے ہی غیر ملکی سرمایہ کاری میں اضافہ ہوگا۔راجہ وسیم حسن نے کہا کہ احتجاجی تحریکوں سے سرمایہ کاری کا عمل رک گیا ہے اس لیے حکومت سرمایہ کاری کے لیے موافق حالات پیدا کرے۔تا کہ ملک سے غربت، بے روزگاری کے خاتمہ کے ساتھ ساتھ سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہو اور غیر ملکی سرمایہ کاری میں اضافہ ہو۔انہوں نے کہا لانگ مارچ سے ملک میں افراتفری اور خوف کی فضاء قائم ہے میڈیا کے ذریعے اس کی نشریات دنیا بھر میں دیکھی جارہی ہے۔جس سے دنیا بھر کے صنعتکار منفی اثر لے رہے ہیں اس لیے حکومت تاجر برادری کی طرح اپوزیشن سے بھی مذاکرات کرے اور انہیں مذاکرات کی میز تک لایا جائے تا کہ ملک میں بے یقینی کی فضا کا خاتمہ ہوسکے۔

بقیہ 52

ڈویلپمنٹ اتھارٹی ممتاز اختر کاہلوں نے سرگودھا میں صحافی کالونی کے لئے حکومتی احکامات پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ صحافی کالونی کے قیام کے لیے کئی سال سے جاری صحافیوں کی جدوجہد کامیاب ہوگی۔

۔۔سرگودھا کے ہر صحافی کو بہت جلد اپنی چھت میسر آئے گی۔انہوں نے کہا کہ سرگودھا کے صحافیوں نے ہمیشہ مثبت صحافت کو فروغ دیا ہے۔صحافی کالونی سرگودھا کے ہر صحافی کا خواب ہے جو بہت جلد شرمندہ تعبیر ہوگا۔صحافی کالونی کے قیام کیلئے حکومت پنجاب نے سرگودھا ڈویلپمنٹ اتھارٹی کو ذمہ داری سونپی اسے احسن طریقہ سے پورا کیا جائے گا۔ان کا کہنا تھا کہ سرگودھا ڈویلپمنٹ اتھارٹی کا پنجاب جرنلسٹ ہاوسنگ فاونڈیشن سے مسلسل رابطہ ہے۔صحافی کالونی کیلئے بہت جلد بہترین جگہ کا تعین کرکے صحافی کالونی میں ترقیاتی کام کا آغاز کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ ہم سیم زدہ یا ایسی تمام اراضی مسترد کردیں گے جو تعمیر کیلئے نامناسب ہے۔ان کا کہنا تھا کہ چار مرلہ زمین خرید کر آسان اقساط پر صحافیوں میں بذریعہ قرعہ اندازی پلاٹ تقسیم کئے جائیں گے اور پلاٹوں کی تقسیم پسند ناپسند کی بجائے میرٹ پر کی جائے گی اور اس کیلئے ایک کمیٹی کا قیام عمل میں لایا جائے گا۔

بقیہ 53

منصوبوں کے حوالے سے بریفنگ دی۔سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو زاہد اختر زمان نے کہا کہ ڈیجیٹل گرداوری مکمل نہ کرنے والے اضلاع کو نوٹس جاری کیے جائیں۔انہوں نے90 فیصد سے کم ڈیجیٹل گرداوری کرنے والے 16 اضلاع کو جلد از جلد گرداوری مکمل کرنے کی ہدایت بھی جاری کیں ۔سینئر ممبر نے کہا کہ حکومت کی خصوصی ہدایت پر شہریوں کی جائیداد کی محفوظ بنانے اور ویریفکیشن کے لیے نیا پورٹل سسٹم متعارف کروایا جارہا ہے جس کے ذریعے شہری گھر بیٹھے اپنی جائیداد کی فرد ملکیت حاصل کرسکیں گے،ملکیت اور فرد بیع بھی شہری اپنے موبائل کے ذریعے ڈاون لوڈ کر کے پرنٹ حاصل کرسکیں گے۔انہوں نے کہا کہ بورڈ آف ریونیو کی جانب سے نیا پورٹل سسٹم شہریوں کو فراڈ سے بچانے کے لیے معاون ثابت ہوگا، جائیداد کا بیعانہ کرنے والے شہریوں کا ریکارڈ بھی پورٹل پر موجود ہوگا اور پورٹل پر جائیداد کی خرید وفروخت کا تمام ریکارڈ موجود ہوگا۔انہوں نے بتایا کہ پورٹل پر کرایہ نامہ کی رجسٹریشن بھی کی جائے گی اور کرائے پر دی جانے والی جائیداد کا سابقہ ڈیٹا بھی پورٹل پر دیکھا جاسکے گا کہ پہلے کس کس کرایہ دار کو بلڈنگ یا مکان کرایہ پر دیا جاچکا ہے۔انہوں نے کہا کہ دیہی مراکز کا قیام حکومت کا اہم منصوبہ ہے۔جس سے ہزاروں شہری روزانہ کی بنیاد پر اپنے گھر کی دہلیز پر استفادہ حاصل کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ دیہی مراکز مال میں آنے والے افراد کو تمام سہولیات فراہم کی جائیں۔ایس ایم بی آر نے کہا کہ دیہی مراکز مال کے لئے چوکیدار سمیت دیگر عملہ بھی بھرتی کیا جائے گا۔انہوں نے مزید کہا کہ حکومت بورڈ آف ریونیو کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے کوشاں ہے۔

بقیہ 54

میں18500 روپے مالیت کے1696 انعامات کامیاب خوش نصیبوں میں تقسیم ہوں گے۔

بقیہ 55

سے اترتے ہوئے غلطی سے ٹرین میں بھول گیا تھا۔ مسافر کے بیگ میں 31 ہزار روپے نقد رقم اور کچھ ضروری سامان موجود تھا،سب انسپکٹر اشرف علی نے سفری بیگ کو چیکنگ کے دوران تحویل میں لیا،طویل جدوجہد کے بعد مالک کو تلاش کرکے نقد رقم اور بیگ اصلی مالک کے حوالے کردیا۔مسافر نے ایماندارانہ کاوش پر ریلوے پولیس کا شکریہ ادا کیا۔ریلویز پولیس ریلوے مسافران کی جان ومال کو ہر ممکن تحفظ فراہم کررہی ہے۔

بقیہ 56

کا نعرہ دے شٹ اپ کال امریکہ کو۔اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ عمرانی فتنہ نے چار سالوں میں جھوٹ اور انتقام کی سیاست کو فروغ دیا۔بیرونی فنڈنگ سے ملک میں فتنہ وفساد پھیلانے والا عمرانی ٹولہ عوام کے سامنے عیاں ہو چکا ہے۔پاکستان کے غیور عوام عمران خان اور تحریک انصاف کے جھانسے میں نہیں آئیں گے۔انہوں نے کہا کہ عمران خان کی ساری سیاست منافقت پرمبنی ہے حقیقی آزادی کے نام پر عمران خان صرف نوجوان نسل کو گمراہ کررہا ہے امریکہ کے خلاف کھل کر بات کرنے سے عمران خان گھبراتا ہے اگر عمران خان امریکہ کے خلاف ہے تو کرے بات ڈاکٹر عافیہ کی رہائی کی، کرے بات پاک ایران گیس پائپ لائن منصوبہ کی۔انہوں نے کہا کہ موجودہ صدی کا عمران خان سب سے بڑا فتنہ ہے عمران خان اقتدار کے حصول کیلئے ملک دشمنی پر اترا ہوا ہے مگر اب اقتدار کی اس کو ہوا بھی نہیں لگے عام انتخابات میں عمران خان کو پی ٹی آئی کا ٹکٹ لینے والا کوئی ملے گا۔

بقیہ 57

علاوہ ازیں انہوں نے ویڈیو لنک پر کھاریاں میں لانگ مارچ کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ترسیلات زر ہمارے دور میں ریکارڈ تھیں، جب ملکی دولت نیچے جانا شروع ہوجائے تو پھر قرضے کیسے ادا کریں گے، اس حکومت نے تین مہینے میں ہم سے زیادہ قرضہ لیا،ہم نے جو قرضہ 9 مہینے میں لیا انہوں نے تین مہینے میں لے لیا، میں چیلنج کرتا ہوں کوئی ایک پاکستانی بتادیں تو یہ سمجھتا کہ صاف شفاف الیکشن کے بغیر ہم ملک کو اس دلدل سے نکال سکتے ہیں، مسئلہ کہاں پھنسا ہوا ہے، مسئلہ لندن میں پھنسا ہوا ہے، سپریم کورٹ سے سزایافتہ مفرور لندن میں بیٹھ کر فیصلہ کررہا ہے کہ الیکشن نہیں کروانے، وہ سارے ملک کو اپنے آپ کو بچانے کیلئے موجودہ دلدل میں دھکیل دیا ہے۔سابق وزیراعظم نے کہا کہ اسحاق ڈار نے حدیبیہ پیپرل کیس میں مجسٹریٹ کے سامنے بیان دیا کہ میں شریف فیملی کا پیسا منی لانڈرنگ کے ذریعے باہر بھیجتا تھا، پاناما پیپرز میں انکشاف ہوا کہ لندن فلیٹ مریم نواز کے نام پر لیے گئے ہیں، وہاں سارے مفرور رہتے ہوئے ،شہباز شریف اب خود پھنسا ہوا ہے، ڈیلی میل نے لکھا کہ شہباز شریف نے کرپشن کی ہے۔

حکومت پنجاب، محکمہ بلدیات وکمیونٹی دوویلپمنٹ

میونسپل کمیٹی چکوال

آسامیاں خالی ہیں

میونسپل کمیٹی چکوال کو درج یل خالی آسامیوں پر بھرتی کرنے کے لیے خالصتاً پانچ سال کنٹریکٹ کی بنیاد پر خواہش مند موزوں اہلیت کے حامل افراد سے درخواستیں مطلوب ہیں

نمبر شمار	نام آسامی	تعداد آسامی	بنیادی سکیل	تعلیمی قابلیت وتجربہ	عمر کی زیادہ سے زیادہ حد
1	نائب قاصد	06	01	مڈل پاس، متعلقہ شعبہ میں کام کا تجربہ رکھتا ہو	18 تا 25 سال
2	آپریٹر ڈی واٹرنگ سیٹ	02	02	پڑھا لکھا، متعلقہ کی بابت رجسٹرڈ ادارہ کا سرٹیفکیٹ (4 یا 6 ماہ) ترجیحاً ڈپلومہ (TVETA)	18 تا 25 سال
3	ٹیوب ویل آپریٹر Cum چوکیدار	01	02	مڈل پاس، متعلقہ شعبہ میں کام کا تجربہ رکھتا ہو	18 تا 25 سال
4	فلٹریشن پلانٹ آپریٹر	03	02	مڈل پاس، متعلقہ شعبہ میں کام کا تجربہ رکھتا ہو	18 تا 25 سال
5	بیلدار	05	01	صحت منداور مضبوط جسم کا حامل	18 تا 25 سال
6	مالی	04	01	صحت منداور مالی کا کام جانتا ہو	18 تا 25 سال
7	سینٹری ورکر	12	01	امیدوار جسمانی طور پر صحت مند ہو	18 تا 25 سال

درج بالا آسامیاں شرائط کی بنیاد پر کی جائیں گی۔
1 امیدواران کا ضلع چکوال کا رہائشی ہونا ضروری ہے البتہ تحصیل چکوال کے امیدواران کو ترجیح دی جائے گی۔
2 بھرتے خالصتاً Contract Appointment Policy 2004 اور Recruitment Policy 2022 کے تحت ابتدائی طور پر 5 سال کے لیے ہوگی جس کی صحت میں مزید حسب قواعد وضوابط توسیع کی جا سکے گی۔
3 عمر کی حد میں رعایت مجوزہ قواعد وضوابط کے تحت (across the board) ہوگی۔
4 درخواستیں مورخہ 28-11-2022 تک دفتری اوقات کار تک میونسپل کمیٹی چکوال میں جمع کروائی جاسکتی ہیں/یا بذریعہ ڈاک پہنچ جانی چاہیے۔
5 ٹیسٹ/انٹرویو مورخہ 06-12-2022 بروز منگل بوقت 10:00AM بجے ہوگا۔
6 انٹرویو والے دن تمام امیدوار اپنی اصل اسناد/سرٹیفکیٹ/ڈپلومہ/تجربہ معہ اصل شناختی کارڈ ہمراہ لائیں۔
7 متذکرہ آسامیاں درج ذیل کوٹہ کی بنیاد پر مشروط ہیں۔ (معذور افراد کے لئے 3%اقلیتی 5%خواتین 15%حاضر سروس/ریٹائرڈ ملازمین بلدیہ کے بچے بچیاں 20%)
8 حاضر سروس خواہش مند امیدواران اپنے محکمہ کی وساطت سے درخواستیں جمع کرواسکتے ہیں۔
9 کوئی بھی امیدوار/یومیہ خرچ یومیہ الاؤنس کا حق دار نہ ہوگا۔

المشتہر
چوہدری تنویر عباس
چیف آفیسر میونسپل کمیٹی

بحکم
نعمان افضل اعوان (PAS)
ایڈمنسٹریٹر میونسپل چکوال

IPL 11643

ملک میں فوری عام انتخابات ہی تمام مسائل کا حل ہیں' شاہد صدیق

آزادی مارچ کسی صورت ختم نہیں ہوگا، امپورٹڈ حکمرانوں کے گھر جانے تک جاری وساری رہے گا

عمران خان پر حملے میں ملوث ملزم تو محض ایک مہرہ ہے، ماسٹر مائنڈ کو بے نقاب اور گرفتار کیا جانا ضروری ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما ڈاکٹر شاہد صدیق خان نے کہا ہے کہ ملک میں فوری عام انتخابات ہی تمام مسائل کا حل ہیں، دن بدن عمران خان کی بڑھتی ہوئی مقبولیت سے حکمران بوکھلاہٹ اور گھبراہٹ کا شکار ہو چکے ہیں، آزادی مارچ کسی صورت ختم نہیں ہوگا یہ امپورٹڈ حکمرانوں کے گھر جانے تک جاری وساری رہے گا۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ قوموں کی قیادت ہمیشہ بہادر، نڈر لیڈر کرتے ہیں نواز شریف علاج کے نام پر لندن میں عمران خان اور پاکستان مخالف سرگرمیوں میں مصروف ہیں یہ لوگ کس منہ سے پاکستان کی قیادت کرنیکی باتیں کررہے ہیں اب عوام انہیں کسی صورت بھی قبول نہیں کریگی۔(باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 29)

عمران خان یوٹرن کے ماسٹر اور جھوٹی سیاست کے بانی ہیں' رانا جمیل منج

پاکستان کے وقار کو داؤ پر لگانے والوں سے کوئی رعایت برتی نہیں جائیگی

رائے ونڈ (این این آئی) پیپلز پارٹی لاہور کے جنرل سیکرٹری رانا جمیل منج نے کہا ہے کہ ملکی سلامتی کو خطرے میں ڈالنے اور پاکستان کے وقار کو داؤ پر لگانے والوں سے کوئی رعایت برتی نہیں جائے گی اس سازش میں جو عناصر ملوث ہیں ان کا کڑا احتساب ہوگا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ عمران خان یوٹرن کے ماسٹر اور جھوٹی سیاست (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 30)

لاہور: ایک خانہ بدوش بچہ کوڑے کے ڈھیر سے کارآمد اشیاء تلاش کررہا ہے

دریاؤں اور آبی ذخیروں میں پانی کی صورتحال

اخراج 24 گھنٹے کے اوسط بہاؤ کی صورت میں ہے

لاہور (این این آئی) تربیلا، منگلا اور چشمہ کے آبی ذخائر میں پانی کی آمد و اخراج، ان کی سطح اور بیراجوں میں پانی کے بہاؤ کی صورتحال حسب ذیل رہی۔ دریائے سندھ میں تربیلا کے مقام پر آمد 26 ہزار 400 کیوسک اور اخرج 38 ہزار کیوسک، دریائے کابل میں نوشہرہ کے مقام پر آمد 11 ہزار 700 کیوسک اور اخراج 11 ہزار 700 کیوسک، خیرآباد پل آمد 18 ہزار 300 کیوسک، اخراج 18 ارکیوسک (باقی صفحہ 3بقیہ 35)

نوجوان 9 سالہ بیٹی، 30 سالہ بیوہ کو تیز دھار آلہ سے قتل کر کے پھانسی جھول گیا

ولیس نے مقتولین کی نعشیں تحویل میں لیکر پوسٹمارٹم کے بعد ورثا کے سپرد کردیں

سرگودھا (این این آئی) نوجوان 9 سالہ بیٹی اور 30 سالہ بیوہ عورت کو تیز دھار آلہ سے قتل کر کے پھانسی پر جھول گیا۔ پولیس نے تینوں مقتولین کی نعشیں پوسٹمارٹم کے بعد ورثا کے سپرد کر دیں اور تا حال شواہد کی روشنی میں مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا ریجن کے علاقہ خوشاب کے گاں بدلی والا میں نوجوان عمر گوندل کی بیوی اور بیٹی علینا کی ماں سات سال قبل گھریلو ناچاقی پر گھر چھوڑ گئی جو وفات پا چکی تھی جس نے 30 سالہ بیوہ عورت سے تعلقات استوار کر رکھے تھے۔ کہ گزشتہ روز گھر میں عمر گوندل نے 9 سالہ بیٹی علینا عمر اور 30 سالہ بیوہ عورت صفیہ بی بی کو تیز دار آلہ سے گلے کاٹ کر قتل کر دیا اور خود چھت پر رسی ڈال کر پھانسی کا پھندا لے لیا۔ پولیس نے مقتولین کی نعشیں تحویل میں لیکر پوسٹمارٹم (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 36)

مرحوم اسسٹنٹ کمشنر پتوکی راجہ قاسم محبوب جنجوعہ کی نماز جنازہ میں کثیر تعداد میں لوگوں نے شرکت کی

پتوکی (این این آئی) مرحوم اسسٹنٹ کمشنر پتوکی راجہ قاسم محبوب جنجوعہ کی نماز جنازہ جی او آر لاہور میں ادا کردی گئی نماز جنازہ میں صوبائی وزیر سردار محمد آصف نکئی، کمشنر لاہور، ڈپٹی کمشنر قصور فیاض احمد موہل، اسسٹنٹ کمشنر ساہیوال اسامہ شاہرون سمیت دیگر افسران نے شرکت کی۔ اور مرحوم کیلئے دعا کی امن پریس کلب پتوکی صدر محمد نوید بھٹی، ہیڈ(باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 31)

محکمہ وائلڈ لائف کی صوبہ بھر میں جنگلی حیات کے غیر قانونی شکار اور کاروبار کیخلاف کارروائیاں جاری

لاہور (این این آئی) سیکرٹری جنگلات، جنگلی حیات و ماہی پروری پنجاب شاہد زمان کی خصوصی ہدایت پر ڈائریکٹر جنرل جنگلی حیات و پارکس پنجاب مبین الٰہی کی زیر قیادت محکمہ کی صوبہ بھر میں جنگلی حیات کے غیر قانونی شکار اور کاروبار کیخلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ اور جس کے نتیجے میں لاہور(باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 34)

سٹی ٹریفک پولیس کا اعزاز، ایک اور ٹریفک وارڈن نے ایل ایل ایم کی ڈگری حاصل کرلی

لاہور (این این آئی) سٹی ٹریفک پولیس کا اعزاز، ایک اور ٹریفک وارڈن نے ایل ایل ایم کی ڈگری حاصل کرلی۔ ٹریفک وارڈن عمران فراز نے نجی یونیورسٹی سے ایل ایل ایم کی ڈگری حاصل کی۔ سی ٹی او لاہور ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی نے ٹریفک وارڈن عمران فراز کو مبارکباد دیتے ہوئے وارڈنز کو تعلیمی میدان میں مکمل سپورٹ کی اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ وارڈنز کا ڈیوٹی کے ساتھ ساتھ تعلیم سرگرمیاں جاری رکھنا خوش آئند ہے۔ 24 سو وا(باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 37)

لاہور: ڈاکٹر احمد جاوید اپنے دفتر میں اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

محافظ اسکواڈ ہراول دستے کا کردار ادا کر رہا ہے' ڈی پی او سرگودھا

حافظ اسکواڈ ٹیموں نے راہزنی و موٹر سائیکل چوری کے مقدمات میں مطلوب 4 گینگو گرفتار کر کے لاکھوں روپے کا مال مسروقہ برآمد کیا

محافظ اسکواڈ پولیس کا چہرہ ہے آپ کا لوگوں کے ساتھ رویہ ہی ہماری پہچان بنتا ہے لہٰذا آپ کو مثبت رویہ اور خوش اخلاقی کا پیکر ہونا چاہیے

سرگودھا (این این آئی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد طارق عزیز نے کہا کہ محافظ اسکواڈ ہراول دستے کا کردار ادا کر رہا ہے جس کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کے لیے ضروری اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق ڈی پی او طارق عزیز نے محافظ اسکواڈ کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس کی صدارت کی جس میں بتایا کہ ایک ماہ کے دوران محافظ اسکواڈ نے 1522 مشکوک اور بلا نمبر پلیٹ موٹر(باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 41)

چائلڈ پروٹیکشن بیورو کے دعوے دعوے ہی رہ گئے

چائلڈ پروٹیکشن بیورو کے دعوے دعوے ہی رہ گئے کام میں غفلت صاف نظر آنے لگی

ننکانہ صاحب (این این آئی) چائلڈ پروٹیکشن بیورو کے دعوے دعوے ہی رہ گئے کام میں غفلت صاف نظر آنے لگی۔ تحصیل سانگلہ ہل، تحصیل شاہکوٹ اور ننکانہ صاحب کے گردونواح میں کمسن بچوں سے جبری مشقت کا سلسلہ نہ رک سکا کوئی پوچھنے والا نہیں اعلیٰ حکام نوٹس لیں۔ تفصیلات کے مطابق حکومت کی طرف بچوں سے جبری مشقت لینے پر پابندی ھے اس پابندی کے باوجود کھلم کھلا خلاف ورزیوں کا سلسلہ جاری ہے باوثوق ذرائع سے پتہ چلا ہے۔ کہ ضلع بھر میں کم عمر بچے تعلیم حاصل کی بجائے ہوٹلوں، بیکریوں، جوتیکی کارخانوں، ورکشاپوں اور دیگر مقامات پر کام پر مجبور ہیں مگر چائلڈ پروٹیکشن کا عملہ حقائق کا علم ہونے کے باوجود مسلسل چشم پوشی کا مظاہرہ کر رہا ہے اور خاص طور پر موٹر سائیکل ورکشاپس جوس کارنر سروس اسٹیشنوں، جوتے کے کارخانوں، ہوٹلوں اور خراد مشینوں پر بھی بچوں سے جبری مشقت کروائی جارہی ہے۔ حالانکہ ان معصوم بچوں کے ہاتھوں میں قلم اور کتاب ہونی چاہیے تھی والدین بھی چند ٹکوں کے لالچ کی وجہ سے اپنے بچوں سے کام کروا رہے ہیں.

لاہور: ایک بزرگ موچی کام نہ ہونیکے باعث پریشان بیٹھا ہے

پاک فوج کے جوانوں کی ملک کیلئے دی جانے والی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے، نوید جاوید قادری

کاموکے (این این آئی) پاک فوج قوم کا اعتماد اور فخر ہے اور جوانوں کی ملک کیلئے دی جانے والی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار صدر پاکستان سنی تحریک تحصیل کاموکے محمد نوید جاوید قادری اور محمد سخاوت بھٹی نے اپنے مشترکہ بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاک فوج پاکستانی قوم اور ملک کی عزت اور وقار ہے۔

دیگر شعبوں کی طرح چین، پاکستان میں کھیلوں کے سامان کی جدید بنیادوں پر تیاری میں بھی اشتراک کی منصوبہ بندی

لاہور (این این آئی) دیگر شعبوں کی طرح چین اور پاکستان کھیلوں کے سامان کی جدید بنیادوں پر تیاری میں بھی اشتراک کی منصوبہ بندی کر رہے ہیں۔، ابتدائی طور پر لاہور میں ٹیکسٹائل انڈسٹریل پارک کے قیام کے لیے 150 ملین امریکی ڈالر کی سرمایہ کاری کرنے کا منصوبہ بنانے والی چینی کمپنی پاکستان سے امریکہ اور یورپ سمیت دیگر خطوں کو کھیلوں کے لباس کی برآمدات کو بڑھانے کا منصوبہ رکھتی ہے۔ ایک رپورٹ کے مطابق (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر43)

ناصر CNG
اینڈ آٹو ورکشاپ
CNG اور آٹو پارٹس دستیاب ہیں
فری آئل چینج
مکینک: ناصر محمود
0332-5683901
0345-5259129
مکینک ظفر اقبال
0343-6818018

ایس ایس پی زاہد گوندل شہید خدمت مرکز کے اوقات کار میں اضافہ

شہری لرنر پرمٹ، ڈوپلیکیٹ، رینول اور انٹرنیشنل لائسنس کے حصول کیلئے آسکتے ہیں

لاہور (این این آئی) سی ٹی او لاہور ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی نے شہریوں کی سہولت اور آسانی کیلئے ایک اور احسن اقدام اٹھاتے ہوئے ایس ایس پی زاہد گوندل شہید خدمت مرکز صبح 08 بجے سے رات 12 بجے تک کھلا رکھنے کی ہدایت کر دی۔ اس سے پہلے ایس ایس پی زاہد گوندل شہید آفس (کچہری آفس) شام 04 بجے تک کھلا رہتا تھا۔ اب شہری (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر32)

،موٹر سائیکل نہ روکنے پر ڈولفن اہلکار کی گولی سے نوجوان زخمی، ہسپتال منتقل

لاہور، موٹر سائیکل نہ روکنے پر ڈولفن اہلکار کی گولی سے نوجوان زخمی، ہسپتال منتقل متعلقہ ڈولفن ٹیم معطل

لاہور (این این آئی) غازی آباد کے علاقے میں موٹر سائیکل نہ روکنے پر ڈولفن اہلکار کی گولی سے نوجوان زخمی ہوگیا، متعلقہ ڈولفن ٹیم کو معطل کر کے ڈولفن اہلکار کیخلاف مقدمہ درج کر لیا گیا جبکہ سی سی پی او غلام محمود ڈوگر نے واقعہ کا نوٹس لے لیا۔ ترجمان ڈولفن کے مطابق غازی آباد ویک اینڈ پر ون ویلنگ و ریسنگ کیلئے پسندیدہ ایریا تصور (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 33)

لاہور: شادمان میں ینگ ڈاکٹرز کے احتجاج میں شریک ڈاکٹر نعرے لگارہی ہے

اربن ڈویلپمنٹ، روڈز سیکٹرز کی 3 ترقیاتی سکیموں کیلئے 2 ارب 63 کروڑ 37 لاکھ 14 ہزار روپے کی منظوری

لاہور (این این آئی) پنجاب پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ نے مالی سال 2022-23 کے صوبائی ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی کے 27ویں اجلاس میں ترقیاتی بورڈ کی جانب سے جن سکیموں کی منظوری دی گئی۔ ان میں سمن آباد لاہور میں کرکٹ سٹیڈیم کی تعمیر کیلئے 51 کروڑ 32 لاکھ 94 ہزار روپے، ضلع قصور میں قصور بائی پاس ساہاری (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 38)

برائلر گوشت کی قیمت میں 8 روپے فی کلو کمی، فارمی انڈے مہنگے

لاہور (این این آئی) شہر میں پرچون سطح پر فی کلو برائلر گوشت کی قیمت 8 روپے کی کمی سے 384 روپے، زندہ برائلر مرغی کی قیمت 5 روپے کی کمی سے 256 روپے فی کلو جبکہ فارمی انڈوں کی قیمت مزید ایک روپے اضافے سے 253 روپے فی درجن کی سطح پر رہی۔

پنجاب کو جدید ٹیکنالوجی کے دور میں جدید خطوط پر استوار کیا گیا ہے' سید طارق محمود الحسن

سمندر پار مقیم پاکستانیوں کی طرف سے درج کی جانے والی شکایات کے حل کی شرح فیصد 67% ہیں

لاہور (این این آئی) وائس چیئرپرسن پنجاب اوورسیز پاکستانیز کمیشن مخدوم سید طارق محمود الحسن کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ اوورسیز کمیٹی ٹوبہ ٹیک سنگھ کا اجلاس منعقد کیا گیا۔ وائس چیئرپرسن او پی سی مخدوم سید طارق محمود الحسن نے اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اوورسیز پاکستانیز کمیشن پنجاب کو جدید ٹیکنالوجی کے دور میں جدید خطوط پر استوار کیا گیا ہے تاکہ سمندر پار مقیم پاکستانیوں کے لیے بیرون ملک اور پاکستان میں آسانی پیدا کی جائے سکتے۔ اُنہوں نے کہا کہ ڈسٹرکٹ ٹوبہ ٹیک سنگھ کی انتظامیہ اور پولیس اوورسیز (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 39)

آج مٹھائیاں بانٹنے والے احتساب کے شکنجے میں آنے پر روتے پھریں گے' رانا جاوید عمر

امپورٹڈ حکومت جس مشن پر اقتدار میں آئی ہے قوم اس سے اچھی طرح آگاہ ہے

رائے ونڈ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما رانا جاوید عمر نے کہا ہے کہ امپورٹڈ حکومت جس مشن پر اقتدار میں آئی ہے قوم اس سے اچھی طرح آگاہ ہے، تحریک انصاف احتساب کے نعرے سے پیچھے ہٹی ہے اور نہ ہٹے گی، ان شا اللہ دو تہائی اکثریت سے حکومت میں آکر کرپشن پر احتساب کا کڑا نظام لایا جائے گا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم ٹولے کی نظر میں کروڑوں کی کرپشن کوئی معنی نہیں رکھتی اور کرپشن کرنے پر پوچھ گچھ کیلئے بھی کیٹگریز بنا دی گئی ہیں۔ عجیب بات ہے کہ جس نے کرپشن (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 40)

الخدمت موبائل میڈیکل یونٹ میں مریضوں کا مفت معائنہ

ہم روزانہ چار سو سے پانچ سو تک مریضوں کو علاج کی سہولت فراہم کررہے ہیں

ڈگری ارپورٹ) محمد عاصم آرائیں (ڈگری میں جماعت اسلامی کے رفاحی ادارے الخدمت فاونڈیشن ڈگری کی طرف سے ڈگری کے نزدیک گانگنی موری اسٹاپ پر ایک روزہ فری موبائل میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا الخدمت موبائل میڈیکل یونٹ میں مریضوں کا مفت معائنہ۔ مفت ادویات اور مفت میڈیکل ٹیسٹ کئے گئے اس موقع پر یونٹ انچارج کو آرڈینیٹر میاں زین۔ ڈاکٹر ذوالفقار علی خاصخیلی جماعت اسلامی ڈگری کے امیر شکیل گوری الخدمت فاونڈیشن فلڈ ریلیف انچارج یاسین گجر اشرف علی ڈاکٹر سرفراز اور الخدمت منارٹی ونگ کے صدر پریم راٹھور کوھی نے نے بتایا آج ٹنڈو باگو روڈ پر دیہی علاقے گانگنی موری پر مفت کیمپ لگایا ہے۔ ہماری کوشش ہے کہ عوام کو ان کے گھر کی دہلیز پر علاج و معالجہ کی بہترین سہولت فراہم کریں۔ یہاں مختلف ٹیسٹ بھی فوری طور پر کیئے جارہے ہیں۔ اور ادویات بھی دی جارہی ہیں۔ یونٹ میں خدمات سرانجام دینے والے ڈاکٹر ذوالفقار علی خاصخیلی (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر42)

لاہور: شادمان میں ینگ ڈاکٹرز کے احتجاج کے باعث بچے سکول سے پیدل واپس جارہے ہیں

ماموں کانجن، تین نامعلوم چور جنرل سٹور کے تالے توڑ کر لاکھوں روپے مالیتی مال مسروقہ چوری کر کے فرار

مکوآنہ (این این آئی) ماموں کانجن، تین نامعلوم چور جنرل سٹور کے تالے توڑ کر لاکھوں روپے مالیتی مال مسروقہ چوری کر کے فرار۔ نامعلوم چوروں کی فوٹیج حاصل کر لی گئی علاقہ تھانہ ماموں کانجن (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 44)

ایف آئی اے سائبر کرائم سرکل لاہور کی کارروائیاں، 6 ملزمان گرفتار

لاہور (این این آئی) ایف آئی اے سائبر کرائم سرکل لاہور نے کارروائیاں کر کے آن لائن دھوکہ دہی میں ملوث 6 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق سائبر کرائم سرکل لاہور نے مختلف کارروائیوں میں 5 ملزمان محمد جمال، جمعہ، (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 45)

پنجاب میں تین افسران کے تقرر و تبادلے

عبدالرؤف رانا ڈی آئی جی جیل خانہ جات سرگودھا ریجن تعینات

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے تین افسران کے تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری کر دیے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق عبدالرؤف رانا کو ڈی آئی جی جیل خانہ جات سرگودھا ریجن تعینات، اسسٹنٹ کمشنر ننکانہ صاحب آصف اقبال کو تبدیل کر کے اسسٹنٹ کمشنر شاہ کوٹ تعینات اور اسسٹنٹ کمشنر شاہ کوٹ شوکت مسیح کو تبدیل کر کے (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 46)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم
پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔
رابطہ۔ 0309-7900035

ترقی کا راستہ روکنا ملک کو تقسیم کرنا عمران خان کا ایجنڈا ہے' سلیم رضا

آزادی مارچ صرف ڈرامہ، عمران خان ماضی میں سٹیٹ بینک آئی ایم ایف کے حوالے کر چکا

عمران خان کی ساری سیاست منافقت پر مبنی ہے حقیقی آزادی کے نام پر عمران خان صرف نوجوان نسل کو گمراہ کر رہا ہے

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) اسیر رہائی کمیٹی برائے اظہار یکجہتی قائد کے سیکرٹری اطلاعات، ممبر پی ڈی ایم رابطہ کمیٹی لاہور محمد سلیم رضا نے کہا ہے کہ ترقی کا راستہ روکنا ملک کو تقسیم کرنا عمران خان کا ایجنڈا ہے، آزادی مارچ صرف ڈرامہ ہے عمران خان ماضی میں سٹیٹ بینک آئی ایم ایف کے حوالے کر چکا ہے، عمران خان اگر ہر قسم کے خوف سے آزاد ہے تو وہ لگائے امریکہ مردہ باد (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 56)

علامہ خادم حسین رضویؒ کے دوسرے سالانہ عرس مبارک کی تقریب میں شرکت کیلئے کاموکے سے بڑا قافلہ روانہ ہوگا

کاموکے (این این آئی) امیر المجاہدین علامہ خادم حسین رضویؒ کے دوسرے سالانہ عرس مبارک کی تقریب میں شرکت کیلئے کاموکے سے بڑا قافلہ روانہ ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار ناظم اعلیٰ ٹی ایل پی ڈویژن گوجرانوالہ حاجی ذوالفقار علی قادری اور قانونی مشیر چودھری عبدالقادر گل ایڈووکیٹ نے اپنے مشترکہ بیان میں کیا۔

1500-100 روپے مالیت کے انعامی بانڈز کی قرعہ اندازی (آج) ہوگی

لاہور (این این آئی) 100 اور 1500 روپے مالیت کے انعامی بانڈز کی قرعہ اندازی آج (منگل) 15 نومبر کو ہوگی۔ 100 روپے مالیت کے سٹوڈنٹس بانڈز کا پہلا انعام 7 لاکھ روپے کا ایک، دوسرا انعام 2 لاکھ روپے مالیت کے تین اور تیسرے انعام ایک ہزار روپے مالیت کے 1199 انعامات۔ جبکہ 1500 روپے کے قومی انعامی بانڈز کا پہلا انعام 30 لاکھ روپے کا ایک، دوسرے انعام میں 10 لاکھ روپے کے 3 اور تیسرے انعام (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 54)

ریلوے پولیس ہیلپ ڈیسک نے مسافر کا قیمتی گمشدہ سامان واپس کردیا

ریلویز پولیس ریلوے مسافران کی جان و مال کو ہر ممکن تحفظ فراہم کر رہی ہے

لاہور (این این آئی) ریلوے پولیس ہیلپ ڈیسک لاہور نے مسافر کا قیمتی گمشدہ سامان واپس کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق برہان حمید نامی لاہور کا رہائشی مسافر کراچی سے لاہور ٹرین تیز گام میں سفر کر رہا تھا، مسافر اپنا سفری بیگ لاہور سٹیشن پر ٹرین (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر55)

لاہور کا ائیر کوالٹی انڈیکس جاری

ٹاؤن شپ میں ائیر کوالٹی انڈیکس 93 ریکارڈ ہوا، چائنہ سکیم میں اے کیو آئی

لاہور (این این آئی) محکمہ تحفظ ماحول نے لاہور میں گزشتہ 24 گھنٹوں کا ائیر کوالٹی انڈیکس جاری کر دیا۔ ترجمان کے مطابق ٹاؤن ہال، مال روڈ پر ائیر کوالٹی انڈیکس 115 رہا، ٹاؤن شپ میں ائیر کوالٹی انڈیکس 93 ریکارڈ ہوا، کرول گھاٹی، چائنہ سکیم میں اے کیو آئی 299 رہا۔

لاہور: ایک شخص سڑک کنارے خشک میوہ جات فروخت کر رہا ہے

ڈیجیٹل گرداوری مکمل نہ کرنے والے اضلاع کو نوٹس جاری کیے جائیں' زاہد اختر زمان

دیہی مراکز کا قیام حکومت کا اہم منصوبہ ہے جس سے ہزاروں شہری روزانہ کی بنیاد پر اپنے گھر کی دہلیز پر استفادہ حاصل کررہے ہیں

لاہور (این این آئی) سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو زاہد اختر زمان کی زیر صدارت کمیٹی روم میں پلس پراجیکٹ، ڈیجیٹل گرداوری اور نئے بنائے جانے والے پورٹل سسٹم کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری ریونیو مہر شفقت اللہ مشتاق، ممبر ٹیکسز نوید حیدر شیرازی، ڈائریکٹر جنرل لینڈ ریکارڈ اتھارٹی اکرام الحق سمیت دیگر افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں افسران نے سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو زاہد اختر زمان کو نئے (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 53)

لاہور: زاہد اختر زمان اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

سرگودھا میں چار مربع قطعہ اراضی پر صحافی کالونی تعمیر کی جائے گی

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے چیئرمین نے کہا کہ سرگودھا میں چار مربع قطعہ اراضی پر صحافی کالونی تعمیر کی جائے گی اور تمام صحافیوں کو آسان اقساط پر پلاٹ دیئے جائیں گے۔ ذرائع کے مطابق چیئرمین سرگودھا (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 52)

سودی نظام کے خاتمے سے اسلامی نظام معیشت تشکیل پائے گا، فاران سہیل

ننکانہ صاحب (این این آئی) سنی تحریک کے ضلعی صدر ننکانہ صاحبزادہ حافظ فاران سہیل نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت کی طرف سے سودی نظام کے خاتمے کے خلاف اپیلیں واپس لینے کا فیصلہ خوش آئند ہے سودی نظام کے (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 50)

وزیراعلیٰ پنجاب کا اسسٹنٹ کمشنر پتوکی کے انتقال پر اظہار افسوس

زخمیوں کو علاج معالجے کی بہترین سہولتیں فراہم کرنے کی ہدایت جاری کردیں

لاہور/ پتوکی (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی نے ٹریفک حادثہ میں جاں بحق ہونے والے اسسٹنٹ کمشنر پتوکی راجہ قاسم محبوب جنجوعہ کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا اور سوگوار خاندان سے دلی ہمدردی و اظہار تعزیت۔ وزیراعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی نے کہا کہ اسسٹنٹ کمشنر راجہ قاسم محبوب جنجوعہ فرض شناس، قابل افسر تھے اللہ تعالیٰ غمزدہ اہل خانہ کو صبر دے اور مرحوم کو جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے قاسم محبوب کی ناگہانی وفات پر دکھ ہوا ہے۔ مزید وزیراعلیٰ چودھری پرویز الٰہی نے حادثے میں ڈرائیور کے جاں بحق ہونے پر اظہار افسوس کیا اور زخمیوں کو علاج معالجے کی بہترین سہولتیں فراہم کرنے کی ہدایت جاری کر دیں۔

لانگ مارچ، تناؤ سے ملکی معاشی استحکام کو شدید خطرات لاحق ہیں' راجہ وسیم حسن

احتجاج کی سیاست مسائل کا حل نہیں سیاسی استحکام پائیدار اقتصادی ترقی کیلئے بنیادی شرط ہے

لاہور (این این آئی) صدر لوہا مارکیٹ شہید گنج لاہور راجہ وسیم حسن نے کہا ہے کہ لانگ مارچ، تناؤ کی کیفیت سے ملکی معاشی استحکام کو شدید خطرات لاحق ہیں، کاروباری سرگرمیاں تجارتی امور، دوکانیں مارکیٹیں بازار بری طرح متاثر ہو رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے شہید گنج کے تاجروں کے وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ راجہ وسیم حسن نے کہا کہ ملکی قومی سیاسی قیادت کے درمیان تناؤ زدہ حالات، معاشی بحران پر عدم (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 51)

صادق آباد میں پیپلز پارٹی کے تمام ورکروں کو ساتھ لیکر چلوں گا' محمد سلیم

تحصیل صادق آباد کو مخدوم سید احمد کی قیادت پیپلز پارٹی کا منی لاڑکانہ بنائیں گے

اس موقع پر سٹی صدر صادق آباد پی وائی او جام امیر دین نادر، راشد علی جتوئی اور دیگر بھی موجود تھے

بھونگ شریف) محمد مراد دشتی (پیپلز یوتھ آرگنائزیشن کے ضلعی سینئر نائب صدر رحیم یار خان جام محمد سلیم جھک کی قیادت میں یوتھ کے عہدیداران نے نومنتخب سٹی صدر صادق آباد سردار اختر سعید دھکڑ کو سٹی صدر نامزد ہونے پر مبارک باد دی پھولوں کا گلدستہ پیش کیا اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس دوران سردار اختر سعید دھکڑ نے صادق آباد سٹی کے سیاسی صورت حال اور دیگر امور پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میں اپنی قیادت کا تہہ دل سے مشکور ہوں کہ جنہوں نے مجھ جیسے ادنی ورکر کو پاکستان پیپلز پارٹی سٹی صادق آباد کا صدر نامزد کیا جو میرے لیے کسی اعزاز سے کم نہیں۔ ان شااللہ تحصیل صادق آباد میں پیپلز پارٹی کے تمام ورکروں کو ساتھ لیکر چلوں گا اور چ۔ مزید انہوں (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر49)

تحقیقی کام کے لیے خاطر خواہ فنڈز دستیاب نہیں' شاہد منیر

لاہور (این این آئی) چیئرمین پنجاب ہائر ایجوکیشن کمیشن پروفیسر ڈاکٹر شاہد منیر نے کہا ہے کہ تعلیم کے لیے کم بجٹ تحقیقی کام کی راہ میں رکاوٹ ہے۔ (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 47)

سیکرٹری سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب کا سرگودھا کا دورہ

سوشل ویلفیئر کے زیر انتظام مقامی اداروں کی کارکردگی، انتظامات کا جائزہ

سرگودھا (این این آئی) سیکرٹری سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب نے سرگودھا کا دورہ کر کے سوشل ویلفیئر کے زیر انتظام مقامی اداروں کی کارکردگی اور انتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے پناہ گاہ کے تعمیراتی کام کا معائنہ کیا۔ ذرائع کے مطابق سیکرٹری (باقی صفحہ 3بقیہ 48 نمبر)

DRESS
HOT COM
Ladies Under Garments
CEO
Kashf Abeer
0334-6096444
Kashf Abeer
COLLECTION
-313-
بوتیک سٹائل
زنانہ اور بچگانہ
برانڈڈ 2 پیس اور 3 پیس
نیازی ٹاؤن ملت کالونی گلی نمبر 21، راولپنڈی